DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

NO DGPR(PRESS CLIPPING)/ 66

DATED 20-01-2026

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan,Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 20.01.2026

| نمبر شمار | قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | عوامی مفاد کی تمام اسکیموں اور ترقیاتی منصوبوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، وزیر اعلیٰ بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | غزالہ گولہ نے قائم مقام گورنر بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ڈیجیٹل بھرتیاں حکومت پر عوامی اعتماد بحال ہوا، شعیب نوشیروانی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | فوڈ اتھارٹی کو دور حاضر سے ہم آہنگ کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائینگے، نور محمد دمڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | قومی شاہراہوں کو ڈاکوؤں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑیں گے، سنجے کمار | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | شاہراہوں پر سفر محفوظ بنانے کیلئے اقدامات کا جائزہ لے رہے ہیں، سلیم کھوسہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | وفاقی سطح پر کلائمنٹ فنانسنگ میں صوبے کو جائز حصہ دیا جائے، نسیم الرحمٰن ملاخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | وزیر اعظم یوتھ لیپ ٹاپ اسکیم تعلیم دوست اقدام ہے، نوابزادہ زرین مگسی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | حکومت بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے گی، سردارزادہ فیصل جمالی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | کوئٹہ کے 70 سے 80 فیصد میٹروں میں ٹمپرنگ ہے، علی پرویز ملک | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | تربت میں بلوچ ثقافتی ورثے کے فروغ کیلئے تین روزہ آرٹ پروگرام کا افتتاح، ظہور بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | صفائی مہم ونالوں کی بحالی کا عمل مارچ کے اختتام تک مکمل کیا جئے گا، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان انتظامی تقسیم نئے اضلاع ڈویژنز قائم ہوں گے، اعلان آج کیا جائے گا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | عوامی تعاون کے بغیر پولیس کامیاب نہیں ہوسکتی، ایس ایس پی ڈیرہ بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بلوچستان میں آٹے کی شدید قلت پیدا ہوچکی ہے، فلور ملز ایسوسی ایشن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | پانی کی سطح تیزی سے گر رہی ہے جو مستقبل کیلئے بڑا خطرہ، کمشنر کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | ایران کیلئے تربت سے نیو مند فیول کراسنگ سراپ پوائنٹ فعال کردیا گیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | آئی جی پولیس نے دو تھانوں کے ایس ایچ اوز کو معطل کردیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | بلوچستان میں حقیقی قیادت کو عام سے دور کیا جارہا ہے، سیاسی وسماجی رہنما | جنگ ودیگر اخبارات |
| 21 | منشیات وبدامنی نے بلوچستان کو تباہی کے دہانے پر پہنچادیا، مولانا ہدایت الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

کوئٹہ سبی ہائی وے پر دہشتگردی میں کالعدم بی ایل اے کے پانچ دہشتگرد ہلاک، افغانستان سے قلعہ سیف اللہ سیکٹر میں بلا اشتعال فائرنگ، پاکستان کا بھرپور جواب، سبی سے دو افراد کے قتل میں ملوث ملزم گرفتار، کوئٹہ سول ہسپتال ملازمین کا احتجاج پولیس کی کارروائی متعدد گرفتار، حب گھر میں لوٹ مار کرنے والا ملزم پڑوسی کی فائرنگ سے زخمی، نصیر آباد ڈاکوؤں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی، صحبت پور سے سرکاری ملازم پراسرار طور پر لاپتہ، ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا گیا

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 20.01.2026

**عوامی مسائل:**

| |
|---|
| چمن اسٹریٹ کرائمز میں خطرناک حدتک اضافہ، مشرقی بائی پاس کے مختلف علاقوں میں گیس پریشر ناپید، بجلی کی لوڈشیڈنگ عروج پر پہنچ گئی، کاسی قبرستان میں منشیات کی سرعام خرید وفروخت جاری، ژوب بائی پاس کی عدم تعمیر سے ٹریفک کا نظام درہم برہم |

**اداریہ :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **بلوچستان کی یونیورسٹیز کے فنڈز میں اضافہ !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑے صوبے بلوچستان کی یونیورسٹیز کو فنڈز کا معاملہ درپیش رہا ہے اکثر اوقات تو ایسا ہوتا ہے کہ فنڈز کے نہ ہونے کے باعث یونیورسٹیز کے اساتذہ اور دیگر ملازمین کو بڑی مشکلات درپیش رہتی ہیں اور اس طرح نوبت یہاں تک آ پہنچتی ہے کہ اساتذہ کو بالآخر ہڑتال جیسے انتہائی قدم کو اپنانا پڑ جاتا ہے جس میں اساتذہ جو بلاشبہ ایک قابل احترام طبقہ ہے کو سڑکوں پر بیٹھنا پڑتا ہے جو کہ بلاشبہ ایک قابل تشویش بات ہے کہ ایک ایسا طبقہ جو ایک اعلیٰ مقام پر رکھتے ہیں سڑکوں پر بیٹھ جائیں، گذشتہ روز گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے لسبیلہ یونیورسٹی کی کانووکیشن تقریب سے خطاب کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اعلان کیا کہ صوبے کے تمام یونیورسٹیوں کے فنڈز ڈھائی ارب روپے سے بڑھا کر آٹھ ارب روپے کر دیئے گئے ہیں جس کے بعد فنڈز کی کمی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا اس طرح کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے کیلئے اقدامات کئے جائینگے، جس کیلئے سینیٹ میں باقاعدہ پالیسی مرتب کی جائے گی انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بطور گورنر لسبیلہ یونیورسٹی سمیت تمام جامعات کو مالی طور پر مستحکم کرنا اولین ترجیح ہے اسی مقصد کے تحت لسبیلہ یونیورسٹی کے فنڈز میں اضافہ کیا گیا تا کہ ملازمین کو تنخواہوں سمیت دیگر ضروریات پوری کرنے کی کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے انہوں نے کورسز میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو حوصلہ افزائی کیلئے تربت اور لسبیلہ میں ایک ایک لاکھ کے انعامات بھی دیئے جو کہ ایک تعلیم دوست اقدام ہے اور اس سے طلبہ کی حوصلہ افزائی ہوگی حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت تعلیم کے فروغ کیلئے سنجیدہ اور موثر اقدامات کر رہی جبکہ ملازمین کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Jobs on Merit" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے " **بلوچستان میں میرٹ کی بحالی : ایک تاریخی موڑ** " کے عنوان سے شیخ عبدالرزاق کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 55 | منگل 30 رجب المرجب 1447ھ 20 جنوری 2026ء | نمبر 20

"عوام کو سبسڈائزڈ اقساط پر الیکٹرک اسکوٹیز کی فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط"

# عوامی مفاد کی تمام اسکیموں اور ترقیاتی منصوبوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، وزیراعلیٰ بگٹی

اسکوٹیز اسکیم مختلف طبقات کیلئے سفری مشکلات میں کمی کا باعث بنے گی، نوجوانوں، خواتین اور عام شہریوں کو بااختیار بنانا چاہتے ہیں، گفتگو

کوئٹہ(خ ن) چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومتِ بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان عوام، ورکنگ ویمن اور طلبہ کے لیے الیکٹرک اسکوٹیز کی سبسڈائزڈ اقساط پر فراہمی سے متعلق مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے اس موقع پر صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، اعلیٰ صوبائی حکام جبکہ نیشنل بینک آف پاکستان کے سینئر عہدیداران بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام، طلبہ اور بالخصوص ورکنگ ویمن کو بہتر، باوقار اور سستی سفری سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ الیکٹرک اسکوٹیز کی یہ اسکیم معاشرے کے مختلف طبقات کے لیے نہ صرف سفری مشکلات میں کمی کا باعث بنے گی بلکہ ایندھن کے متبادل، کم لاگت اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوگی۔

## سی ٹی ڈی نے موثر کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنایا، وزیراعلیٰ بگٹی

یہ کارروائی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور موثر انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کی واضح مثال، بلوچستان میں دہشتگردوں کیلئے کوئی جگہ نہیں

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) بلوچستان کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک بڑے دہشت گردانہ منصوبے کو ناکام بنا کر صوبے کو ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھا وزیراعلیٰ نے کہا کہ مستونگ کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں کالعدم دہشت گرد تنظیم کے عناصر کے ناپاک عزائم ناکام بنائے گئے جو اہم شاہراہ پر بدامنی پھیلانے اور سیکیورٹی فورسز و عام شہریوں کو نشانہ بنانے کا منصوبہ رکھتے تھے انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی کی یہ کارروائی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور موثر انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کی واضح مثال ہے، جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی اداروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جا رہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سی ٹی ڈی بلوچستان اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات، قربانیوں اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان دشمن عناصر کے لیے تنگ ہوتا جا رہا ہے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ امن و امان کے قیام کو یقینی بنائے گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

## قائم مقام گورنر سے وزیراعلیٰ بگٹی کی ملاقات

### صوبے کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ(خ ن) قائم مقام گورنر بلوچستان غزالہ گولہ سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے کی تازہ ترین سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا کہ ان جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام آدمی تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے لوگوں کی زندگیوں میں ٹھوس مثبت تبدیلی لانے کیلئے ان منصوبوں کے موثر نفاذ اور بروقت تکمیل کی اہمیت پر زور دیا۔

## وزیراعلیٰ کی جانب سے بابر خان کے اعزاز میں عشائیہ

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں الوداعی عشائیہ دیا گیا، جس میں صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون سمیت سینئر سول و انتظامی حکام نے شرکت کی، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانت داری اور مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بابر خان نے اپنی ذمہ داریاں انتہائی خلوص نیت، پیشہ ورانہ مہارت اور بھرپور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں انہوں نے کہا کہ بابر خان نے امور حکومت کی انجام دہی کے دوران موثر مشاورت فراہم کی اور اہم انتظامی فیصلوں میں مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ ٹرانسفر اور پوسٹنگ سرکاری ملازمت کا حصہ ہیں تاہم بابر خان کی خدمات صوبائی حکومت کے لیے قابل قدر اور قابل ستائش رہی ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ بابر خان آئندہ محکمہ مواصلات میں بھی اپنی پیشہ ورانہ اہلیت، تجربے اور بصیرت سے ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں گے اور عوامی خدمت کے جذبے کو برقرار رکھیں گے جس کی بہتر بنیاد محکمہ سی اینڈ ڈبلیو میں ان کے پیش رو لعل جان جعفر نے رکھی وزیراعلیٰ بلوچستان نے بابر خان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیابی اور کامرانی کے لیے دعا کی۔

## غزالہ گولہ نے قائم مقام گورنر بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے قائم مقام گورنر بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا، قائم مقام گورنر کی حلف برداری کی تقریب پیر کو گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ہوئی۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس کامران خان ملاخیل نے ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ سے حلف لیا۔ تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سرکاری حکام اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر بانی سید ممتاز احمد

جلد 54 | منگل 30 رجب 1447ھ 20 جنوری 2026ء صفحات 08 | شمارہ 197

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2006@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


## محکمہ خزانہ میں بھرتیوں کا عمل شفاف ہوا، وزیراعلیٰ بلوچستان

### محکمہ خزانہ بلوچستان میں تمام امیدواروں نے بھی شفافیت کی گواہی دی، میر سرفراز بگٹی

### ڈویژن اور ضلعی سطح پر ڈیجیٹل بھرتیوں کا نظام متعارف کرائیں گے، ویب سائٹ بیان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ الحمدللہ محکمہ خزانہ بلوچستان میں 111 بھرتیوں کا عمل شفاف، کامیاب اور عوامی اعتماد سے مکمل کرلیا گیا، تمام امیدواروں نے بھی شفافیت کی گواہی دی، بلوچستان کے ہر نوجوان کو اس کا حق......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

دلائیں گے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے ایک بیان میں کہی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں اب نوکریاں میرٹ پر دی جائیں گی، سفارش اور رشوت کا کلچر ہمیشہ کے لئے دفن کردیں گے تمام محکمہ جاتی بھرتیوں کو بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے معیار کے مطابق میرٹ پر لایا جائے گا انہوں نے کہا کہ ڈویژن اور ضلعی سطح پر ڈیجیٹل بھرتیوں کا نظام متعارف کرائیں گے تاکہ ہر عمل شفاف اور عوام دوست ہو۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سرفراز کبھی دھوکہ نہیں دے گا عوام سے کیا گیا وعدہ ہر صورت نبھاؤں گا، بلوچستان میں نوکریاں نہیں بکیں گی نہیں بکیں گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 20 JAN 2026 Page No. 4


## وزیر اعلیٰ کا سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں عشائیہ

### صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری، پرنسپل سیکرٹری و دیگر افسران شریک

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں الوداعی عشائیہ دیا گیا، جس میں صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون سمیت سینئر سول وانتظامی حکام نے شرکت کی اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانت داری اور مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بابر خان نے اپنی ذمہ دا......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ریاں انتہائی خلوص نیت، پیشہ ورانہ مہارت اور بھرپور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں انہوں نے کہا کہ بابر خان نے امور حکومت کی انجام دہی کے دوران مؤثر مشاورت فراہم کی اور اہم انتظامی فیصلوں میں مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ٹرانسفر اور پوسٹنگ سرکاری ملازمت کا حصہ ہیں تاہم بابر خان کی خدمات صوبائی حکومت کے لیے قابل قدر اور قابل ستائش رہی ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ بابر خان آئندہ محکمہ مواصلات میں بھی اپنی پیشہ ورانہ اہلیت، تجربے اور بصیرت سے ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں گے اور عوامی خدمت کے جذبے کو برقرار رکھیں گے جس کی بہتر بنیاد محکمہ سی اینڈ ڈبلیو میں ان کے پیش رو لعل جان جعفر نے رکھی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بابر خان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیابی اور کامرانی کے لیے دعا کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Page No. 5

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.pk
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph.081-2822909

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

جلد نمبر 33 | منگل 20 جنوری 2026ء بمطابق 30 رجب المرجب 1447ھ | شمارہ نمبر 20


# قائمقام گورنر غزالہ گولہ سے وزیر اعلیٰ اور صوبائی وزراء کی ملاقات

## صوبے کی سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال


## سرفراز بگٹی کا پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں الوداعی عشائیہ، کابینہ ارکان، چیف سیکرٹری و دیگر کی شرکت

کوئٹہ (این این آئی) قائمقام گورنر بلوچستان غزالہ گولہ سے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات کو بھی اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور دیا کہ ان جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام آدمی تک پہنچیں۔ انہوں نے لوگوں کی زندگیوں میں ٹھوس مثبت تبدیلی لانے کیلئے ان منصوبوں کے موثر نفاذ اور بروقت تکمیل کی اہمیت پر زور دیا۔ قائمقام گورنر اور وزیر اعلیٰ نے صوبے کو درپیش چیلنجز بشمول غربت، بیروزگاری اور دہشتگردی سے نمٹنے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز میں سے صادق عمرانی، بخت محمد کاکڑ، سردار فیصل جمالی، وزیر [illegible] سردار غلام رسول عمرانی اور سردار کوہیار ڈومکی بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر44 صفحہ 5 پر

کوئٹہ (ح ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں الوداعی عشائیہ دیا گیا، جس میں صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون سمیت سینئر سول و انتظامی حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانتداری اور مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بابر خان نے اپنی ذمہ داریاں انتہائی خوش اسلوبی، پیشہ ورانہ مہارت اور بھرپور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ بابر خان نے امور حکومت کی انجام دہی کے دوران موثر مشاورت فراہم کی اور اہم انتظامی فیصلوں میں مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ٹرانسفر اور پوسٹنگ سرکاری ملازمت کا حصہ ہیں تاہم بابر خان کی خدمات صوبائی حکومت کے لئے قابل قدر اور قابل ستائش رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے بابر خان کے مستقبل کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیابی اور کامرانی کے لئے دعا کی۔

بقیہ نمبر43 صفحہ 5 پر



کوئٹہ: چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ کامران ملاخیل ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ سے قائمقام گورنر کا حلف لے رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 30 | منگل 20 جنوری 2026ء بمطابق 30 رجب 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 20

# بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ریاست پوری قوت کے ساتھ امن وامان قائم کرے گی، وزیراعلیٰ

دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں کالعدم دہشت گرد تنظیم کے عناصر کے ناپاک عزائم ناکام بنائے گئے

**صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جا رہا ہے، میر سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن + نیوز ایجنسیاں) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کاؤنٹر ٹیرازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) بلوچستان کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک بڑے دہشت گردانہ منصوبے کو ناکام بنا کر صوبے کو ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مستونگ کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں کالعدم دہشت گرد تنظیم کے عناصر کے ناپاک عزائم ناکام بنائے گئے، جو ایک اہم شاہراہ پر بدامنی پھیلانے اور سیکیورٹی فورسز سمیت عام شہریوں کو نشانہ بنانے کا منصوبہ رکھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی کی یہ کارروائی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور موثر انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کی واضح مثال ہے، جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے سی ٹی ڈی بلوچستان اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی خدمات، قربانیوں اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان دشمن عناصر کے لیے تنگ ہوتا جا رہا ہے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ امن و امان کے قیام کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

## وزیراعلیٰ کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری کے اعزاز میں عشائیہ

**بابر خان نے امور حکومت کی انجام دہی کے دوران موثر مشاورت فراہم کی، خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں الوداعی عشائیہ دیا گیا، جس میں صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون سمیت سینئر سول و انتظامی حکام نے شرکت کی اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانت داری اور مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بابر خان نے اپنی ذمہ داریاں انتہائی خلوص نیت، پیشہ ورانہ مہارت اور بھرپور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں انہوں نے کہا کہ بابر خان نے امور حکومت کی انجام دہی کے دوران موثر مشاورت فراہم کی اور اہم انتظامی فیصلوں میں مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ ٹرانسفر اور پوسٹنگ سرکاری ملازمت کا حصہ ہیں تاہم بابر خان کی خدمات صوبائی حکومت کے لیے قابل قدر اور قابل ستائش رہی ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ بابر خان آئندہ محکمہ مواصلات میں بھی اپنی پیشہ ورانہ اہلیت، تجربے اور بصیرت سے ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں گے اور عوامی خدمت کے جذبے کو برقرار رکھیں گے جس کی بہتر بنیاد محکمہ سی اینڈ ڈبلیو میں ان کے پیش رو لعل جان جعفر نے رکھی وزیراعلیٰ بلوچستان نے بابر خان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیابی اور کامرانی کے لیے دعا کی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں دیئے گئے الوداعی عشائیہ کے شرکاء

CamScanner

CL

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBL
RELATIONS BALOCHS

نظامت اعلیٰ تعل
حکومت بلو

سینچری
ایکسپریس کوئٹہ
روزنامہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 39 | منگل، 30 رجب المرجب، 20 جنوری 2026، صفحات 8 قیمت 40 روپے

Bullet No. 1

Page No. 7

# دشت میں کالعدم تنظیم کے 5 دہشت گرد ہلاک

کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ

سی ٹی ڈی کے ٹارگٹڈ آپریشن میں مارے گئے دہشتگرد شاہراہیں بلاک، مزدوروں کو اغواء اور فورسز پر حملوں میں ملوث تھے

**دہشتگردی کیخلاف صوبائی حکومت زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے، عوام کا تحفظ ہر صورت یقینی بنائیں گے، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سی ٹی ڈی نے دشت میں ٹارگٹڈ آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم تنظیم کے پانچ دہشت گردوں ہلاک کرکے اسلحہ، دستی بم اور موٹر سائیکلیں (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کاونٹر ٹیررازم (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

قبضے میں لے لیں، مارے جانے والے دہشت گرد شاہراہیں بلاک، مزدوروں کو اغوا کرنے، سیکورٹی فورسز اور پولیس پر حملوں اور دیگر تخریبی کارروائیوں میں ملوث تھے۔ سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق اعلیٰ حکام کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کالعدم تنظیم بی ایل اے نے کوئٹہ سبی ہائی وے پر تخریب کاری کا منصوبہ بنایا ہے اور اس مقصد کیلئے تنظیم کے دہشت گرد مستونگ کے علاقے دشت کے پہاڑی علاقے میں موجود ہے جس پر سی ٹی ڈی کی ٹیموں نے گزشتہ روز دشت کے پہاڑی علاقے میں ٹارگٹڈ آپریشن کیا، ٹیموں کو دیکھتے ہی دہشت گردوں نے فائرنگ شروع کر دی تاہم جوانوں نے جوابی کارروائی کی فائرنگ کا تبادلہ ایک گھنٹے تک جاری رہا، فائرنگ کے نتیجے میں کالعدم بی ایل اے کے پانچ دہشت گرد ہلاک ہوگئے جبکہ دیگر دہشت گرد پہاڑی علاقے میں فرار ہوگئے۔

ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) بلوچستان کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک بڑے دہشت گردانہ منصوبے کو ناکام بنا کر صوبے کو ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ مستونگ کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں کالعدم دہشت گرد تنظیم کے عناصر کے ناپاک عزائم ناکام بنائے گئے جو اہم شاہراہ پر بدامنی پھیلانے اور سیکیورٹی فورسز و عام شہریوں کو نشانہ بنانے کا منصوبہ رکھتے تھے انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی کی یہ کارروائی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور موثر انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کی واضح مثال ہے، جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی اداروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جا رہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سی ٹی ڈی بلوچستان اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات، قربانیوں اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان دشمن عناصر کے لیے تنگ ہوتا جا رہا ہے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ امن و امان کے قیام کو یقینی بنائے گی۔

# عوام کو سستی سفری سہولیات کی فراہمی ترجیح، وزیراعلیٰ

حکومت، نیشنل بینک میں یادداشت

ورکنگ ویمن، طلباء اور عوام کو الیکٹرک سکوٹیز کی سبسڈائزڈ اقساط پر فراہمی کے لئے ایم او یو پر دستخط کیے گئے

**مختلف طبقات کیلئے نہ صرف سفری مشکلات میں کمی بلکہ ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی مدد ملے گی، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان عوام، ورکنگ ویمن اور طلبہ کے لیے الیکٹرک اسکوٹیز کی سبسڈائزڈ اقساط پر فراہمی سے متعلق مفاہمتی یادداشت (باقی صفحہ 5 نمبر 16)

(MoU) پر دستخط کیے گئے اس موقع پر صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، اعلیٰ صوبائی حکام جبکہ نیشنل بینک آف پاکستان کے سینئر عہدیداران بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام، طلبہ اور بالخصوص ورکنگ ویمن کو بہتر، باوقار اور سستی سفری سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ الیکٹرک اسکوٹیز کی یہ اسکیم معاشرے کے مختلف طبقات کے لیے نہ صرف سفری مشکلات میں کمی کا باعث بنے گی بلکہ ایندھن کے تبادل، کم لاگت اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت ایسی تمام اسکیموں اور منصوبوں کو عملی جامہ پہنائے گی جن کے براہ راست فوائد عوام تک پہنچیں اور جن سے روزمرہ زندگی میں سہولت اور بہتری آئے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود پر مبنی منصوبوں کے ذریعے نوجوانوں، خواتین اور عام شہریوں کو بااختیار بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جا رہے ہیں

# سی ایم کے سابق پرنسپل سیکرٹری کے اعزاز میں عشائیہ

**وزیراعلیٰ، صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری، پرنسپل سیکرٹری و دیگر کی شرکت**

بابر خان نے اپنی ذمہ داریاں انتہائی خلوص نیت سے سرانجام دیں، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں الوداعی عشائیہ دیا گیا، جس میں صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون سمیت سینئر سول و انتظامی حکام نے شرکت کی اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کی (باقی صفحہ 5 نمبر 45)

پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانت داری اور مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بابر خان نے اپنی ذمہ داریاں انتہائی خلوص نیت، پیشہ ورانہ مہارت اور بھرپور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں انہوں نے کہا کہ بابر خان نے امور حکومت کی انجام دہی کے دوران موثر مشاورت فراہم کی اور اہم انتظامی فیصلوں میں مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ ٹرانسفر اور پوسٹنگ سرکاری ملازمت کا حصہ ہیں تاہم بابر خان کی خدمات صوبائی حکومت کے لیے قابلِ قدر اور قابلِ ستائش رہی ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ بابر خان آئندہ محکمہ سماجی معاملات میں بھی اپنی پیشہ ورانہ اہلیت، تجربے اور بصیرت سے ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں گے اور عوامی خدمت کے جذبے کو برقرار رکھیں گے جس کی بہترین بنیاد ممکنہ سی اینڈ ڈبلیو میں ان کے پیش رو لعل جان جعفر نے رکھی وزیراعلیٰ بلوچستان نے بابر خان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیابی اور کامرانی کے لیے دعا کی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں دیے گئے الوداعی عشائیہ میں صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور اعلیٰ حکام شریک ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. ١

Dated: 20 JAN 2026

Page No. 3


# غزالہ گولہ قائم مقام گورنر بن گئیں، وزیراعلیٰ کی ملاقات

## قائم مقام گورنر کا حلف اٹھالیا' وزیراعلیٰ کیساتھ ملاقات میں مختلف امور پر تبادلہ خیال

## کراچی کے گل پلازہ میں آتشزدگی سے قیمتی جانوں کا ضیاع افسوسناک ہے' غزالہ گولہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر + خ ن) ڈپٹی سپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے قائمقام گورنر بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا، قائم مقام گورنر کی حلف برداری کی تقریب (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ہوئی۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس کامران خان ملاخیل نے ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ سے حلف لیا۔ تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، اعلیٰ سرکاری حکام اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ دریں اثناء قائمقام گورنر بلوچستان غزالہ گولہ سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے کی تازہ ترین سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا کہ ان جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام آدمی تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے لوگوں کی زندگیوں میں ٹھوس مثبت تبدیلی لانے کیلئے ان منصوبوں کے موثر نفاذ اور بروقت تکمیل کی اہمیت پر زور دیا۔ قائمقام گورنر اور وزیراعلیٰ نے صوبے کو درپیش چیلنجز بشمول غربت، بیروزگاری اور انفراسٹرکچر کی کمی سے نمٹنے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز میں سے صادق عمرانی، بخت محمد کاکڑ، سردار فیصل جمالی، زرک خان مندوخیل، سردار غلام رسول عمرانی اور سردار کوہیار خان ڈومکی بھی موجود تھے۔ علاوہ ازیں قائمقام گورنر بلوچستان غزالہ گولہ نے کراچی کے تجارتی مرکز گل پلازہ میں آتشزدگی سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور بھاری مالی نقصانات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس المناک واقعے سے ہم سب غمزدہ ہیں۔

DIRECTOR GENERAL OF ... RELATIONS BAL...
نظامت اعل...
حکومہ...

میزان
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر

Bullet No. 1
جلد 77 | منگل 20 جنوری 2026ء 30 رجب المرجب 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 140
Page No. 8

حکومتِ بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان عوام، ورکنگ ویمن اور طلبہ کے لیے الیکٹرک اسکوٹیز کی سبسڈائزڈ اقساط پر فراہمی سے متعلق مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط

# عوامی مفاد کے تمام منصوبوں کو عملی جامہ پہنایا جائیگا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

ان منصوبوں سے روزمرہ زندگی میں سہولت اور بہتری آئے گی، حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود پر مبنی منصوبوں کے ذریعے نوجوانوں، خواتین اور عام شہریوں کو بااختیار بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی، وزیر اعلیٰ کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان عوام، ورکنگ ویمن اور طلبہ کے لیے الیکٹرک اسکوٹیز (بقیہ 2 صفحہ 2 پر) کی سبسڈائزڈ اقساط پر فراہمی سے متعلق مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے اس موقع پر صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، اعلیٰ صوبائی حکام جبکہ نیشنل بینک آف پاکستان کے سینئر عہدیداران بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام، طلبہ اور بالخصوص ورکنگ ویمن کو بہتر، باوقار اور سستی سفری سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ الیکٹرک اسکوٹیز کی یہ اسکیم معاشرے کے مختلف طبقات کے لیے نہ صرف سفری مشکلات میں کمی کا باعث بنے گی بلکہ ایندھن کے متبادل، کم لاگت اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوگی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت ایسی تمام اسکیموں اور منصوبوں کو عملی جامہ پہنائے گی جن کے براہ راست فوائد عوام تک پہنچیں اور جن سے روزمرہ زندگی میں سہولت اور بہتری آئے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود پر مبنی منصوبوں کے ذریعے نوجوانوں، خواتین اور عام شہریوں کو بااختیار بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

# بلوچستان دشمن عناصر کیلئے تنگ ہوتا جارہا ہے، سرفراز بگٹی

ریاست پوری قوت کے ساتھ امن وامان کے قیام کو یقینی بنائے گی، دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی

مستونگ کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں کالعدم دہشت گرد تنظیم کے عناصر کے ناپاک عزائم ناکام بنائے گئے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کاؤنٹر ٹیرازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) بلوچستان کی بروقت اور مؤثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک بڑے دہشت گردانہ منصوبے کو ناکام بنا کر صوبے کو ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مستونگ کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں (بقیہ 6 صفحہ 2 پر) کالعدم دہشت گرد تنظیم کے عناصر کے ناپاک عزائم ناکام بنائے گئے جو اہم شاہراہ پر بدامنی پھیلانے اور سیکیورٹی فورسز و عام شہریوں کو نشانہ بنانے کا منصوبہ رکھتے تھے انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی کی یہ کارروائی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور مؤثر انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کی واضح مثال ہے، جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی اداروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جارہا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سی ٹی ڈی بلوچستان اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات، قربانیوں اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان دشمن عناصر کے لیے تنگ ہوتا جارہا ہے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ امن و امان کے قیام کو یقینی بنائے گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جارہے ہیں۔

CamScanner

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ
جلد نمبر۔25 | منگل 20 جنوری 2026ء بمطابق 30 رجب المرجب 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔20

# دشت میں کارروائی کر کے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا، سی ٹی ڈی

بلوچستان میں دہشت گردوں کیلئے جگہ نہیں، وزیراعلیٰ

**ہلاک دہشت گرد کوئٹہ سبی قومی شاہراہ کو بند کر کے سیکورٹی فورسز اور عام عوام کو نشانہ بنانا چاہتے تھے۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 5 ایس ایم جیز، 7 دستی بم اور 3 موٹر سائیکلیں بھی برآمد کی گئیں**

صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی اداروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جا رہا ہے

**بلوچستان دشمن عناصر کے لیے تنگ ہوتا جا رہا ہے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ امن و امان کے قیام کو یقینی بنائے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان**

مستونگ (م ڈ) مستونگ کے علاقے دشت میں سی ٹی ڈی نے کارروائی کر کے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشت گرد کوئٹہ سبی قومی شاہراہ کو بند کر کے سیکورٹی فورسز اور عام عوام کو نشانہ بنانا چاہتے تھے۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 5 ایس ایم جیز، 7 دستی بم اور 3 موٹر سائیکلیں بھی برآمد کی گئیں۔ ہلاک دہشت گردوں کی لاشیں مستونگ کے مقامی اسپتال منتقل کر دی گئیں۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق دیگر فرار دہشت گردوں کے خلاف (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

آپریشن جاری ہے، واقعے کا مقدمہ سی ٹی ڈی تھانے میں درج کر لیا گیا۔ دریں اثنا، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) بلوچستان کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک بڑے دہشت گردانہ منصوبے کو ناکام بنا کر صوبے کو ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مستونگ کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں کالعدم دہشت گرد تنظیم کے عناصر کے ناپاک عزائم ناکام بنائے گئے جو اہم شاہراہ پر بدامنی پھیلانے اور سیکیورٹی فورسز و عام شہریوں کو نشانہ بنانے کا منصوبہ رکھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی کی یہ کارروائی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور موثر انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کی واضح مثال ہے، جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی اداروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سی ٹی ڈی بلوچستان اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات، قربانیوں اور عزم کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان دشمن عناصر کے لیے تنگ ہوتا جا رہا ہے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ امن و امان کے قیام کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

# بلوچستان حکومت اور نیشنل بینک کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

طلبہ، ورکنگ ویمن اور عوام کو الیکٹرک بائیکس کی فراہمی کے لئے فائننگ کی جائے گی

**عوام، طلبہ اور بالخصوص ورکنگ ویمن کو بہتر، باوقار اور سستی سفری سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (این این آئی) چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومتِ بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان عوام، ورکنگ ویمن اور طلبہ کے لیے الیکٹرک اسکوٹیز کی سبسڈائزڈ اقساط پر فراہمی سے متعلق مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے اس موقع پر صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، اعلیٰ صوبائی حکام جبکہ نیشنل بینک آف پاکستان کے سینئر عہدیداران بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کو خوش (بقیہ نمبر2 صفحہ نمبر2 پر)

آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام، طلبہ اور بالخصوص ورکنگ ویمن کو بہتر، باوقار اور سستی سفری سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ الیکٹرک اسکوٹیز کی یہ اسکیم معاشرے کے مختلف طبقات کے لیے نہ صرف سفری مشکلات میں کمی کا باعث بنے گی بلکہ ایندھن کے متبادل، کم لاگت اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت ایسی تمام اسکیموں اور منصوبوں کو عملی جامہ پہنائے گی جن کے براہ راست فوائد عوام تک پہنچیں اور جن سے روزمرہ زندگی میں سہولت اور بہتری آئے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود پر مبنی منصوبوں کے ذریعے نوجوانوں، خواتین اور عام شہریوں کو بااختیار بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی

# قائمقام گورنر بلوچستان اور وزیراعلیٰ کے درمیان ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) قائمقام گورنر بلوچستان غزالہ گولہ سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں (بقیہ نمبر15 صفحہ نمبر2 پر)

ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے کی تازہ ترین سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا کہ ان جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام آدمی تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے لوگوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے ان منصوبوں کے موثر نفاذ اور بروقت تکمیل کی اہمیت پر زور دیا۔ قائمقام گورنر اور وزیراعلیٰ نے صوبے کو درپیش چیلنجز بشمول غربت، بیروزگاری اور انفراسٹرکچر کی کمی سے نمٹنے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء اور پارلیمانی سیکرٹریز میں سے صادق عمرانی، بخت محمد کاکڑ، سردار فیصل جمالی، زرک خان مندوخیل، سردار غلام رسول عمرانی اور سردار کوہیار خان ڈومکی بھی موجود تھے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ میں شریک ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جا رہے ہیں

CamScanner

DIRECTO[...]
GENERAL O[...]
RELATIONS BA[...]

نظامت اعلیٰ[...]
حکومت[...]

Bullet No. 1

Page No. 11

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 81 — منگل 20 جنوری 2026ء، 30 رجب المرجب 1447ھ — صفحات 6 — قیمت 20 روپے — شمارہ 20

وزیراعلیٰ، قائمقام گورنر بلوچستان

# عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے

## غزالہ گولہ سے میر سرفراز بگٹی کی ملاقات، صوبے کی تازہ ترین سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

## مستونگ میں سی ٹی ڈی کی کامیاب کارروائی پر اظہارِ اطمینان، ریاست پوری قوت کے ساتھ امن وامان قائم کرے گی، دہشت گردوں کے لیے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن، یو این اے) قائمقام گورنر بلوچستان غزالہ گولہ سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے کی تازہ ترین سیاسی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا کہ ان جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام آدمی تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے لوگوں کی زندگیوں میں ٹھوس مثبت تبدیلی لانے کیلئے ان منصوبوں کے موثر نفاذ اور بروقت تکمیل کی اہمیت پر زور دیا۔ قائمقام گورنر اور وزیراعلیٰ نے صوبے کو درپیش چیلنجز بشمول غربت، بیروزگاری اور انفراسٹرکچر کی کمی سے نمٹنے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز میں سے صادق عمرانی، بخت محمد کاکڑ، سردار فیصل جمالی، زرک خان مندوخیل، سردار غلام رسول عمرانی اور سردار کوہیار خان ڈومکی بھی موجود تھے۔ مزید چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان عوام، ورکنگ ویمن اور طلبہ کے لیے الیکٹرک اسکوٹیز کی سبسڈائزڈ اقساط پر فراہمی سے متعلق مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے اس موقع پر صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، اعلیٰ صوبائی حکام جبکہ نیشنل بینک آف پاکستان کے سینئر عہدیداران بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام، طلبہ اور بالخصوص ورکنگ ویمن کو بہتر، باوقار اور سستی سفری سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ الیکٹرک اسکوٹیز کی یہ اسکیم معاشرے کے مختلف طبقات کے لیے نہ صرف سفری مشکلات میں کمی کا باعث بنے گی بلکہ ایندھن کے متبادل، کم لاگت اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت ایسی تمام اسکیموں اور منصوبوں کو عملی جامہ پہنائے گی جن کے براہ راست فوائد عوام تک پہنچیں اور جن سے روزمرہ زندگی میں سہولت اور بہتری آئے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود پر مبنی منصوبوں کے ذریعے نوجوانوں، خواتین اور عام شہریوں کو بااختیار بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ دریں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) بلوچستان کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک بڑے دہشت گردانہ منصوبے کو ناکام بنا کر صوبے کو ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مستونگ کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں کالعدم دہشت گرد تنظیم کے عناصر کے ناپاک عزائم ناکام بنائے گئے، جو ایک اہم شاہراہ پر بدامنی پھیلانے اور سیکیورٹی فورسز سمیت عام شہریوں کو نشانہ بنانے کا منصوبہ رکھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی کی یہ کارروائی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور موثر انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کی واضح مثال ہے، جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جا رہا ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جا رہے ہیں

CamScanner

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر
شمارہ 334 | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ نمبر ایل-10 | قیمت 15 روپے | FaX:2839867 | Ph :2839851
1447ھ | 30 رجب | منگل 20 جنوری 2026ء | جلد 2



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جا رہے ہیں

# سفارش اور رشوت کلچر ہمیشہ کیلئے دفن، سرفراز کبھی دھوکہ نہیں دے گا، وزیر اعلیٰ

الحمد للہ محکمہ خزانہ بلوچستان میں 111 بھرتیوں کا مکمل شفاف، کامیاب اور عوامی اعتماد سے عمل کرایا گیا، اہل امیدواروں نے بھی شفافیت کی گواہی دی، بلوچستان کو اس کا حق دلائیں گے

وزیر اعلیٰ کی موجودگی میں حکومت اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان عوام، ورکنگ ویمن اور طلبہ کے لیے الیکٹرک اسکوٹیز کی سہولت کی فراہمی سے متعلق مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ الحمد للہ محکمہ خزانہ بلوچستان میں 111 بھرتیوں کا مکمل شفاف، کامیاب اور عوامی اعتماد سے عمل کرایا گیا، اہل امیدواروں نے بھی شفافیت کی گواہی دی، بلوچستان کو اس کا حق دلائیں گے۔ [illegible] بلوچستان میں اب کوئی میرٹ پر [illegible] سفارش اور رشوت کا کلچر ہمیشہ کے لیے دفن کر دیں گے۔ [illegible] اور عوام دوست ہو۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرفراز کبھی دھوکہ نہیں دے گا عوام سے کیا گیا وعدہ ہر صورت نبھاؤں گا، بلوچستان میں نوکریاں نہیں بکیں گی۔

کوئٹہ (ن ن) چیف [illegible] وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان عوام، ورکنگ ویمن اور طلبہ کے لیے الیکٹرک اسکوٹیز کی سہولت کی فراہمی سے متعلق مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، اعلیٰ صوبائی حکام اور نیشنل بینک آف پاکستان کے افسران بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حکومت بلوچستان اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام، طلباء اور خصوصاً ورکنگ ویمن کو [illegible] صوبائی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک اسکوٹیز کی یہ اسکیم معاشرے کے مختلف طبقات کے لیے [illegible] وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت ایسی تمام اسکیموں اور منصوبوں کو عملی جامہ پہنائے گی [illegible] انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کے ذریعے نوجوانوں، خواتین اور عام شہریوں کو بااختیار بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

## بلوچستان میں دہشتگردوں کیلئے کوئی جگہ نہیں، وزیر اعلیٰ

صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (ن ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے [illegible] سی ٹی ڈی بلوچستان کی بروقت اور مؤثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک بڑے دہشت گردانہ منصوبے کو ناکام بنا کر صوبے کو نقصان سے محفوظ رکھا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مستونگ کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں کالعدم دہشت گرد تنظیم کے عناصر کے ناپاک عزائم ناکام بنائے گئے [illegible] انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی کی یہ کارروائی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور مؤثر انٹیلیجنس کی واضح مثال ہے [illegible] بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں [illegible] وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سی ٹی ڈی بلوچستان اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات، قربانیوں اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ [illegible] انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

## وزیر اعلیٰ کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری کے اعزاز میں الوداعی عشائیہ

بابر خان کی خدمات صوبائی حکومت کیلئے قابل قدر اور قابل ستائش رہی ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (ن ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں الوداعی عشائیہ دیا گیا، جس میں صوبائی کابینہ کے اراکین، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون سمیت سینئر سول و انتظامی حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانتداری اور مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بابر خان نے اپنی ذمہ داریاں انتہائی خلوص نیت، پیشہ ورانہ مہارت اور بھرپور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ بابر خان نے امور حکومت کی انجام دہی کے دوران مؤثر معاونت فراہم کی [illegible] بابر خان کی خدمات صوبائی حکومت کے لیے قابل قدر اور قابل ستائش رہی ہیں [illegible] وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بابر خان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیابی اور کامرانی کے لیے دعا کی۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری بابر خان کے اعزاز میں دیے گئے الوداعی عشائیہ میں صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری اور اعلیٰ حکام شریک ہیں

16

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBL[IC] RELATIONS BALOCHS[TAN]

نظامت اعلیٰ تعلقات [عامہ]
حکومت بلوچ[ستان]

Bullet No. 1

Page No! 3


Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے — چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 21 | منگل 20 جنوری 2026ء، 30 رجب المرجب 1447ھ | شمارہ 281


ریاست پوری قوت کے ساتھ امن و امان قائم کرے گی، دہشت گردوں کے لیے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں، صوبائی حکومت دہشتگردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

# مستونگ میں سی ٹی ڈی کی بڑی کارروائی

## کالعدم بی ایل اے کے 5 دہشتگرد ہلاک

دہشت گرد کوئٹہ۔ بی قومی شاہراہ کو بلاک کر کے تخریب کاری کی کارروائیاں کرنے کا منصوبہ بنا رہے تھے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق یہ کارروائی 19 جنوری کی شام 4 بج کر 45 منٹ پر عمل میں لائی گئی۔ سی ٹی ڈی کو خفیہ اطلاعات موصول ہوئی تھیں کہ مسلح دہشت گردوں کا ایک گروہ دشت کے قریب پہاڑی علاقے میں موجود ہے

...کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے سی ٹی ڈی بلوچستان اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی خدمات، قربانیوں اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان دشمن عناصر کے لیے تنگ ہوتا جا رہا ہے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ امن و امان کے قیام کو یقینی بنائے گی

...(این اے) ضلع مستونگ کے علاقے د... کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران کالعدم تنظیم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) سے تعلق رکھنے والے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ہلاک دہشت گرد کوئٹہ۔ بی قومی شاہراہ کو بلاک کر کے تخریب کاری کی کارروائیاں کرنے کا منصوبہ بنا رہے تھے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق یہ کارروائی 19 جنوری کی شام 4 بج کر 45 منٹ پر عمل میں لائی گئی۔ سی ٹی ڈی کو خفیہ اطلاعات موصول ہوئی تھیں کہ مسلح دہشت گردوں کا ایک گروہ دشت کے قریب بقیہ 2 صفحہ 6 پر

پہاڑی علاقے میں موجود ہے اور اہم شاہراہ پر رکاوٹیں کھڑی کر کے بدامنی پھیلانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اطلاع کی بنیاد پر سی ٹی ڈی کی ٹیم نے فوری کارروائی کی، جس کے دوران دہشت گردوں اور سکیورٹی اہلکاروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ شدید مقابلے کے نتیجے میں 5 دہشت گرد ہلاک ہو گئے، تاہم ان کے دیگر ساتھی دشوار گزار پہاڑی راستوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ترجمان کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 5 سب مشین گنز (ایس ایم جیز)، 7 دستی بم اور 3 موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئی ہیں۔ سی ٹی ڈی نے بتایا کہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کی گرفتاری اور باقی ماندہ نیٹ ورک کے مکمل خاتمے کے لیے علاقے میں سرچ اور کومبنگ آپریشن جاری ہے۔ ہلاک دہشت گردوں کی لاشیں قانونی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دی گئی ہیں جبکہ واقعے کا مقدمہ تھانہ سی ٹی ڈی کوئٹہ میں درج کر لیا گیا ہے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق بلوچستان میں امن و امان کو خراب کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا تعطل جاری رہیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) بلوچستان کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک بڑے دہشت گردانہ منصوبے کو ناکام بنا کر صوبے کو ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مستونگ کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کامیاب کارروائی کے نتیجے میں کالعدم تنظیم کے ناپاک عزائم ناکام بنائے گئے، جو ایک اہم شاہراہ پر بدامنی پھیلانے اور سیکیورٹی فورسز سمیت عام شہریوں کو نشانہ بنانے کا منصوبہ رکھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی کی یہ کارروائی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور مؤثر انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کی واضح مثال ہے، جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے سی ٹی ڈی بلوچستان اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی خدمات، قربانیوں اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان دشمن عناصر کے لیے تنگ ہوتا جا رہا ہے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ امن و امان کے قیام کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک کارروائیاں بلا تعطل جاری رہیں گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1
Dated: 20 JAN 2026
Page No. 14

## فوڈ اتھارٹی کو دورِ حاضر سے ہم آہنگ کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائینگے، نور محمد دمڑ

**وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق صوبے بھر میں خوراک کے معیار کی بہتری، شفافیت اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جا رہا ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کو جدید خطوط اور دورِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی ہیڈکوارٹرز میں لائیو آپریشن مانیٹرنگ سسٹم اور ڈیجیٹل فائل ٹریکنگ سسٹم کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق صوبے بھر میں خوراک کے معیار کی بہتری، شفافیت اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ جدید ڈیجیٹل سسٹمز کے نفاذ سے نہ صرف انتظامی امور میں شفافیت آئے گی بلکہ عوام کو تیز اور بہتر سروس ڈیلیوری بھی ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان فوڈ اتھارٹی میں اصلاحاتی عمل کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ حاجی نور محمد دمڑ کا کہنا تھا کہ لائیو آپریشن مانیٹرنگ سسٹم کے ذریعے فیلڈ سرگرمیوں کی براہ راست نگرانی ممکن ہوگی جبکہ ڈیجیٹل فائل ٹریکنگ سسٹم سے دفتری امور میں تاخیر کا خاتمہ اور جوابدہی کا نظام مزید مضبوط ہوگا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی وقار خورشید عالم نے چیئرمین بی ایف اے کو لائیو آپریشن مانیٹرنگ سسٹم اور ڈیجیٹل فائل ٹریکنگ سسٹم کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ یہ اقدامات اتھارٹی کی کارکردگی کو مؤثر بنانے میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔ مزید برآں صوبائی وزیر خوراک نے ڈیجیٹل اصلاحات کے بروقت نفاذ پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے افسران اور اہلکاران کی کارکردگی کو سراہا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے فوڈ سیفٹی کے نظام کو مزید مضبوط اور فعال بنایا جائے گا، تاکہ عوام کو محفوظ، معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی شفافیت، کارکردگی اور عوامی خدمت کے اصولوں کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرتی رہے گی اور خوراک کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

## قومی شاہراہوں کو ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑیں گے، سنجے کمار

**لوٹ مار کرنے والے دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا، گفتگو**

سبی (نامہ نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سنجے کمار پنجوانی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صوبے میں امن و امان کے قیام کے لئے کوشاں ہے اور عنقریب بلوچستان میں امن کا سورج طلوع ہوگا بلوچستان کی قومی شاہراہوں کو ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑیں گے بہت جلد صوبے کی قومی شاہراہیں محفوظ ہوں گی اور ان لوٹ مار کرنے والے دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا ان خیالات کا اظہار انھوں نے سرکٹ ہاؤس سبی میں اقلیتی برادری میں چیک تقسیم کرنے کی تقریب کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر سردار زادہ میر دینار خان ڈومکی، ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی، میر اللہ داد جتوئی، پی ایس ٹو پارلیمانی سیکرٹری عامر چنڈال، سردار ایوب مری، وڈیرہ دیدار سیلاچی، میر محمد جان رند، سید شیر شاہ بخاری، سنتوش کمار، روشن لعل، روجیت کمار، چودھری ریش لعل میڈیا کے نمائندوں اور اقلیتی برادری کی بڑی تعداد موجود تھی صوبائی وزیر اقلیتی امور سنجے کمار پنجوانی نے کہا کہ صوبے میں اے اور بی ایریا کے خاتمے کے بعد امن و امان کے قیام میں بہتری آئے گی نوتال کے علاقے میں میرے ساتھ جو واقعہ پیش آیا مجھ سمیت ہر شہری کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے قومی شاہراہوں پر لوٹ مار اور ڈاکہ زنی کا سختی سے نوٹس لیا ہے بہت جلد سبی، جیکب آباد، قومی شاہراہ پر امن قائم ہوگا بعد ازاں انہوں نے شہر میں مندروں، بالمیک مندر، اور گرجا گھروں کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام کو تسلی بخش قرار دیا۔

## ڈیجیٹل بھرتیاں، حکومت پر عوامی اعتماد بحال ہوا، شعیب نوشیروانی

**میرٹ کی مکمل پاسداری کو یقینی بنایا، کسی سفارش یا دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا گیا**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیرواں نے کہا ہے کہ صوبے میں سب اکاؤنٹنٹ کی آسامیوں پر مکمل میرٹ اور جدید ڈیجیٹل نظام کے تحت شفاف بھرتیوں کا عمل خوش آئند اور قابل تحسین عمل ہے۔ انہوں نے اس احسن اور مثالی اقدام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کو مبارکباد دی اور ان کے قائدانہ صلاحیتوں کو سراہا، ان کی میرٹ پر مبنی وژن کی بدولت یہ شفاف عمل ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری خزانہ عمران زرکون کی میرٹ پر مبنی پالیسی لائق تحسین ہیں جنہوں نے اس پورے بھرتی کے عمل کو پیشہ ورانہ مہارت، دیانت داری اور جدید ڈیجیٹل نظام کے ذریعے کامیابی سے سر انجام دیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بھرتی کے عمل میں شامل تمام کمیٹی ممبران کی کاوشیں و خدمات بھی قابل ستائش ہیں جنہوں نے میرٹ کی مکمل پاسداری کو یقینی بنایا اور کسی بھی قسم کی سفارش یا دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا۔ انہوں نے کامیاب ہونے والے تمام محنتی اور اہل نوجوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے شفاف اور میرٹ پر مبنی اقدامات سے نہ صرف مستحق افراد کو ان کا حق ملتا ہے بلکہ وہ صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن ہونے میں معاون ثابت ہوتے ہیں اور اس کے علاوہ حکومت پر عوامی حلقوں کا اعتماد بھی بحال ہوتا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

**صحت کے شعبے میں موجود مسائل کے حل کے لیے جامع اور مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، وزیر صحت**

**حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں عوامی فلاح کے منصوبوں پر عمل پیرا ہے، بات چیت**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ صحت کے شعبے میں موجود مسائل کے حل کے لیے جامع اور مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ عام شہری کو بہتر علاج میسر آ سکے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وزیر صحت نے کہا کہ صوبے کے تمام سرکاری اسپتالوں، ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ اس ضمن میں طبی عملے کی حاضری کو یقینی بنانے، ادویات کی دستیابی، اور طبی آلات کی فراہمی کے لیے متعلقہ حکام کو واضح ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دیہی اور دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولیات کی بہتری حکومت کی خصوصی توجہ کا مرکز ہے۔ اس مقصد کے لیے غیر فعال مراکز صحت کو فعال بنانے اور وہاں تعینات طبی عملے کو سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ عوام کو علاج کے لیے طویل فاصلے طے نہ کرنے پڑیں۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ صحت کے شعبے میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح سے متعلق منصوبوں میں وسائل کے درست استعمال کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں عوامی فلاح کے منصوبوں پر عمل پیرا ہے اور صحت کا شعبہ اس حوالے سے خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ صوبے میں صحت کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اصلاحات کا عمل جاری ہے، جس کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ وزیر صحت نے عوام سے اپیل کی کہ وہ سرکاری صحت کے اداروں کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی شکایت یا مسئلے کی صورت میں متعلقہ حکام کو آگاہ کریں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 20 JAN 2026 Page No. 15

# وفاقی سطح پر کلائمیٹ فنانسنگ میں صوبے کو جائز حصہ دیا جائے، نسیم الرحمن ملاخیل

## ماحول کو بہتر بنانا صرف حکومت کی نہیں سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اس حوالے سے ضلعی سطح پر ماحولیاتی کمیٹیاں بنارہے ہیں

## بلوچستان میں بارشوں کی غیر معمولی کمی، درجہ حرارت میں اضافہ، پانی کی قلت بڑے چیلنجز ہیں، صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا کہ بلوچستان موسمیاتی تبدیلی کے سنگین اثرات کی زد میں ہے، جہاں بارشوں کی غیر معمولی کمی، درجہ حرارت میں اضافہ، پانی کی قلت اور زرعی زمینوں کی بربادی ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے اس صورتحال کے پیش نظر حکومت بلوچستان نے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے مطابق "بلوچستان ماحولیاتی لحاظ سے ایک حساس صوبہ ہے، ہمیں مستقبل کے خطرات کو روکنے کیلئے آج ہی اقدامات کرنے ہوں گے صوبائی مشیر......

بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ شجرکاری، پانی کے ذخائر کی حفاظت اور صاف توانائی کو فروغ دینا حکومت کی اولین ترجیح ہے صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمان ملاخیل نے اپنے ایک بیان میں اس بارے میں کہا کہ "بلوچستان میں کلائمیٹ چینج کے اثرات روز بروز بڑھ رہے ہیں۔ ہم نے صوبے بھر میں 'گرین بلوچستان' مہم کے تحت بڑے پیمانے پر شجرکاری، آلودگی کنٹرول اور ماحولیاتی تعلیم کو فروغ دینے کا منصوبہ بنایا ہے۔" انہوں نے مزید بتایا کہ ماحولیاتی تحفظ کیلئے عوام، سول سوسائٹی اور میڈیا کو بھی اعتماد میں لیا جارہا ہے۔ "ماحول کو بہتر بنانا صرف حکومت کی نہیں بلکہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ہم ضلعی سطح پر ماحولیاتی کمیٹیاں قائم کررہے ہیں

# شاہراہوں پر سفر محفوظ بنانے کیلئے اقدامات کا جائزہ لے رہے ہیں، سلیم کھوسہ

## وفاق کی [illegible] بلوچستان کے عوام [illegible] صوبائی وزیر مواصلات

## صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے سب نے ملکر کردار ادا کرنا ہوگا، رہنما مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ترقیاتی عمل کے ساتھ قومی شاہراہوں پر توجہ دیگر اندرون بلوچستان اور ملک بھر جانے والی شاہراہوں پر سفر محفوظ اور آسان بنانے کیلئے تمام تر اقدامات کا جائزہ لے رہے ہیں اور اس پر مکمل توجہ دیا جارہا ہے تاکہ عوام کو سفری سہولیات میں آسانی پیدا ہو وفاقی حکومت کی خواہش ہے کہ بلوچستان ترقی اور بلوچستان کے عوام کی محرومیوں......

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

وتحفظات کا خاتمہ ہو، یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے اس کی بہتری وخوشحالی ہم سب کی ذمہ داری ہے ماضی میں بلوچستان کو نظرانداز کرکے آج ہر طرف مسائل کا سامنا ہے لیکن موجودہ حکومت نے وفاقی حکومت کے ساتھ ملکر جس طرح عوامی مسائل پر توجہ دی اور ان مسائل کو ہر پلیٹ فارم پر اٹھایا کا ماضی میں مثال نہیں ملتی ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان جلد دیگر صوبوں کے برابر آکر یہاں کے عوام بھی خوشحالی کی زندگی گزار سکے

# وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ اسکیم تعلیم دوست اقدام ہے، نوابزادہ زرین مگسی

## اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے ہی ہم ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری سیاحت

## عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، لیپ ٹاپ تقسیم تقریب ووفود سے ملاقات میں گفتگو

اوتھل (نامہ نگار) پارلیمانی سیکرٹری سیاحت وثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی ایک روزہ دورے پر لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹرز اوتھل پہنچ گئے۔ دورے کے دوران انہوں نے لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین کے ہمراہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے کہا کہ وفاقی......

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کی جانب سے وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ اسکیم ایک تعلیم دوست اقدام ہے، جس سے طلبہ کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ لیپ ٹاپ کے استعمال سے ہم جدید تقاضوں کے تحت بہترین علم اور معلومات لے کر اپنی تعلیمی استعداد کار بڑھا سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ جدید تعلیم انسان کی زندگی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے ہی ہم اپنے ضلع اور ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں طلبہ اگر تعلیم پر خصوصی توجہ دیں تو ترقی وخوشحالی کی راہ ہموار ہوسکتی ہے، کیونکہ وہی قومیں آگے بڑھتی ہیں جو تعلیم کو ترجیح دیتی ہیں۔ بعدازاں نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے سرکٹ ہاؤس اوتھل میں عوام سے ملاقاتیں کیں، جہاں مختلف وفود نے ان سے ملاقات کرکے اپنے مسائل سے آگاہ کیا پارلیمانی سیکرٹری نے وفود کے مسائل غور سے سنے اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی سرکٹ ہاؤس میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل حل کرنا ان کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی انہوں نے کہا کہ لسبیلہ کی عوام سے ہمارا دیرینہ رشتہ ہے اور ہم انہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے۔

# حکومت بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے گی، سردارزادہ فیصل جمالی

## پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کی جماعت، قربانیاں جمہوریت کی بحالی کیلئے لازوال ہیں، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی خوشحال عوام اور ترقی یافتہ بلوچستان کے قیام کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کررہی ہے یہ بات صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اور پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردارزادہ فیصل خان جمالی نے یو این اے سے......

بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

گفتگو کرتے ہوئے کہی سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہیدوں کی پارٹی اور جمہوریت کی بحالی واداروں کی مضبوطی کیلئے لازوال قربانیاں دی ہے جب بھی پیپلز پارٹی اقتدار میں آئی، عوام کو بہتر ریلیف اور پڑھے لکھے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے۔ بلوچستان کے عوام پیپلز پارٹی کو امید کی کرن سمجھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان حکومت نے تمام دور دراز علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا ہے۔ اوستہ محمد بلوچستان کا گرین بیلٹ اور صنعتی زون ہونے کے باوجود مسلسل بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے

# کوئٹہ کے 70 سے 80 فیصد میٹروں میں ٹمپرنگ ہے، علی پرویز ملک

## بلوچستان سے جتنی گیس حاصل ہورہی ہے اس سے زیادہ فراہم کی جارہی ہے

## گھریلو صارفین کو گزشتہ سال کے مقابلے زیادہ گیس فراہم کی گئی، وزیر مملکت توانائی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت توانائی علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی ہدایت پر رواں موسم سرما میں گھریلو صارفین کو گزشتہ سال کے مقابلہ میں زیادہ گیس فراہم کی گئی ہے، تمام شعبہ جات کیلئے وافر گیس موجود ہے، کوئٹہ اور بلوچستان کے 70 سے 80 فیصد میٹروں میں ٹمپرنگ کی شکایات ہیں۔ پیر کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے......

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

دوران وزیر مملکت نے ایوان کو بتایا کہ وزیراعظم نے موسم سرما کے دوران گھریلو صارفین کو گیس فراہم کرنے کو ترجیح دینے کی ہدایت کی تھی، وزیراعظم کی ہدایت پر گزشتہ موسم سرما کے مقابلہ میں جاری موسم سرما میں صارفین کو زیادہ گیس فراہم کی گئی، نومبر 2024ء میں گھریلو صارفین کو 470 ایم ایم سی ایف ڈی جبکہ نومبر 2025ء میں 570 ایم ایم سی ایف ڈی گیس فراہم کی گئی، اسی طرح دسمبر 2024ء کے 680 ایم ایم سی ایف ڈی کے مقابلہ میں دسمبر 2025ء میں گھریلو صارفین کو 780 ایم ایم سی ایف ڈی گیس کی فراہمی عمل میں لائی گئی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 20 JAN 2026 Page No. 16


# تربت میں بلوچ ثقافتی ورثے کے فروغ کیلئے تین روزہ آرٹ پروگرام کا افتتاح

وہ معاشرے ترقی کی راہ پر تیزی سے گامزن ہوتے ہیں جہاں خواتین کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں، ظہور بلیدی

**ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان ہوتی ہے اور اس کے فروغ کے لیے حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، صوبائی مشیر مینا مجید کا خطاب**

تربت (نمائندہ انتخاب) محکمہ کھیل وامور نوجوانان بلوچستان کے ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ افیئرز کے زیر اہتمام کیچ کلچرل کمپلیکس تربت میں تین روزہ آرٹ پروگرام کا باقاعدہ افتتاح صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید نے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقی میر ظہور احمد بلیدی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے توانائی بلوچستان میر اصغر رند بھی ان کے ہمراہ تھے، افتتاحی تقریب کے دوران ڈائریکٹر یوتھ افیئرز بلوچستان بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

الیاس شاہ نے مہمانوں کو آرٹ ورکشاپ اور وال پینٹنگ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ ورکشاپ کا مقصد نامور بلوچ شاعر عطا شاد کا 6x80 فٹ پر مشتمل ایک عظیم الشان پورٹریٹ ہے جسے 48 حصوں میں تقسیم کر کے 48 آرٹسٹ تیار کریں گے۔ اس شاہکار کی تیاری تین دنوں میں مکمل کی جائے گی جبکہ 22 اور 23 جنوری کو اسے عوام کے لیے نمائش میں پیش کیا جائے گا۔ صوبائی مشیر مینا مجید نے اس منفرد آرٹ ورکشاپ کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے تخلیقی پروگرام نوجوانوں کو اپنے احساسات اور خیالات کے اظہار کا مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان ہوتی ہے اور اس کے فروغ کے لیے حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت کھیلوں، سیاحت اور ثقافت کے شعبوں کو ترقی دینے کے لیے کوشاں ہے۔ صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور احمد بلیدی نے یوتھ افیئرز ڈائریکٹوریٹ کو کامیاب ایونٹ کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ خوش آئند امر ہے کہ ورکشاپ میں خواتین فنکار بڑی تعداد میں شریک ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ معاشرے ترقی کی راہ پر تیزی سے گامزن ہوتے ہیں جہاں خواتین کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے خواتین فنکاروں کو مستقبل کے درخشاں ستارے قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت مختلف اسکالرشپ پروگرامز کے ذریعے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کر رہی ہے۔ اس موقع پر انہوں نے یقین دلایا کہ یونیورسٹی آف تربت میں فائن آرٹس ڈیپارٹمنٹ کے قیام کے لیے وائس چانسلر سے بات کریں گے۔ بعد ازاں صوبائی وزراء نے کلچرل کمپلیکس میں رکھے گئے مختلف فن پاروں کا معائنہ کیا اور فنکاروں کے کام کو سراہا۔ تقریب میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر کلچر ایاز ہاشم بزنجو بھی موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 JAN 2026 Page No. 17

## نالوں کی صفائی اور انہیں ڈھانپنے کا منصوبہ ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے، چیف سیکرٹری

### صفائی مہم اور نالوں کی بحالی کا عمل ہر صورت مارچ کے اختتام تک مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں بڑے نالوں کی صفائی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور شہر کی خوبصورتی کے فروغ کے حوالے سے ایک اہم منعقد ہوا۔ اجلاس میں نالوں کی جامع صفائی، تجاوزات کے خاتمے کے ساتھ ریڑھی بانی اور چھوٹے کاروبار سے وابستہ افراد کے روزگار کے تحفظ، اور کوئٹہ شہر کی مجموعی خوبصورتی کو مزید نکھارنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے کوئٹہ شہر میں نالوں کی مرحلہ وار اور جامع صفائی کا عمل شروع کر دیا گیا ہے، جس کے بعد ان نالوں کو پائیدار اور مضبوط سلیب کے ذریعے ڈھانپا جائے گا۔ اس منصوبے کا مقصد شہر کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے کے ساتھ ساتھ ریڑھی بانوں اور چھوٹے تاجروں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے تاکہ وہ بغیر کسی خطرے کے اپنا روزگار جاری رکھ سکیں۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمٰن قمبرانی نے منصوبے کے عملی نفاذ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جس میں نالوں کی صفائی، ملبے کی بروقت نکاسی، سلیب کی تنصیب، ٹریفک اور پیدل چلنے والوں کے تحفظ، اور کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کیے بغیر کام مکمل کرنے کے عملی مراحل پر روشنی ڈالی گئی۔ اس موقع پر سیکرٹری ایریگیشن سہیل الرحمٰن بلوچ نے کوئٹہ شہر کے آٹھ بڑے نالوں کی صفائی اور نکاسی آب سے متعلق جاری اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ ان نالوں کی باقاعدہ صفائی سے نہ صرف شہر میں سیلابی صورتحال سے بچاؤ ممکن ہوگا بلکہ بارش کے پانی کی روانی میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ نالوں کی صفائی اور انہیں ڈھانپنے کا یہ منصوبہ شہر کے مرکزی بازاروں، گلی محلوں اور اہم شاہراہوں پر ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے، اور سلیب اس معیار کے ہوں کہ وہ ٹریفک اور پیدل چلنے والوں دونوں کے لیے محفوظ ہوں۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ محکموں کو سختی سے ہدایت کی کہ صفائی مہم اور نالوں کی بحالی کا عمل ہر صورت مارچ کے اختتام تک مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو فوری اور مؤثر ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ منصوبے کی نگرانی کے لیے ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو ہر پندرہ دن بعد پیش رفت کا جائزہ لے گی۔ اجلاس کے اختتام پر چیف سیکرٹری نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ شہر کی صفائی اور خوبصورتی کے لیے حکومت کی کوششوں میں اپنا کردار ادا کریں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ عبدالرؤف بلوچ، کمشنر کوئٹہ شاہ زیب کاکڑ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

MASHRIQ QUETTA

## صفائی مہم و نالوں کی بحالی کا عمل مارچ کے اختتام تک مکمل کیا جائے، چیف سیکرٹری

### حکومت کا مقصد شہر کو صاف و خوبصورت بنانے کے ساتھ چھوٹے تاجروں و ریڑھی بانوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے، شکیل قادر خان

### منصوبے کی نگرانی کیلئے خصوصی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو ہر 15 دن بعد پیش رفت کا جائزہ لے گی، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں بڑے نالوں کی صفائی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور شہر کی خوبصورتی کے فروغ کے حوالے سے ایک اہم منعقد ہوا اجلاس میں نالوں کی جامع صفائی، تجاوزات کے خاتمے کے ساتھ ریڑھی بانی اور چھوٹے کاروبار سے وابستہ افراد کے روزگار کے تحفظ، اور کوئٹہ شہر کی مجموعی خوبصورتی کو مزید نکھارنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے کوئٹہ شہر میں نالوں کی مرحلہ وار اور جامع صفائی کا عمل شروع کر دیا گیا ہے، جس کے ......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

بعد ان نالوں کو پائیدار اور مضبوط سلیب کے ذریعے ڈھانپا جائے گا اس منصوبے کا مقصد شہر کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے کے ساتھ ساتھ ریڑھی بانوں اور چھوٹے تاجروں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے تاکہ وہ بغیر کسی خطرے کے اپنا روزگار جاری رکھ سکیں اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمان قمبرانی نے منصوبے کے عملی نفاذ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی

CamScanner

کوئٹہ کو ڈویژن کا درجہ دے کر ایسٹ اور ویسٹ میں تقسیم کرنے کا امکان، بیلہ ڈویژن بنانے، کیچ اور گوادر کی تقسیم کا فیصلہ

# بلوچستان کی انتظامی تقسیم، نئے اضلاع، ڈویژنز قائم ہونگے

## اعلان آج کیا جائیگا

ضلع پشین کو دو حصوں میں تقسیم کرکے نیا ضلع برشور قائم کرنے کی تجویز، چمن، قلعہ عبداللہ اور پشین کو کوئٹہ ڈویژن سے الگ کرکے نیا ڈویژن بنائے جانے کا امکان، ہیڈ کوارٹر قلعہ عبداللہ میں ہوگا، وزیراعلیٰ کی زیر سربراہی آج اہم اجلاس ہوگا

دکی، کوہلو اور بارکھان ڈیرہ بگٹی پر مشتمل نئے ڈویژن پر غور ہوگا، نیا نام کوہ سلیمان ہو سکتا ہے، نیا ضلع قادر آباد بنانے کی سفارش، قلات ڈویژن کو تقسیم کرکے نئے ڈویژن کا ہیڈ کوارٹر خضدار یا بیلہ میں قائم کرنے کا فیصلہ، حدود خضدار سے حب تک ہوگی

نیا ضلع تربت بنانے کا اعلان بھی متوقع، جھل مگسی، ڈھاڈر اور بولان کو نصیر آباد سے الگ کرکے سبی ڈویژن میں شامل کئے جانے پر غور، اجلاس سے پانچ سے زائد نئے اضلاع اور تین سے چار نئے ڈویژن کے قیام کا فیصلہ بھی ہو سکتا ہے، ذرائع

کوئٹہ (انتخاب نیوز) بلوچستان میں انتظامی نقشہ بدلنے کی تیاری، 5 سے زائد نئے اضلاع اور 3 نئے ڈویژنز کے قیام کا فیصلہ، کوئٹہ میں ایک نیا ضلع، برشور اور قادر آباد ضلع بھی نئے نقشے پر ابھرنے کو تیار۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی سربراہی میں آج ایک انتہائی اہم اور فیصلہ کن اجلاس منعقد ہونے جا رہا ہے جس میں صوبے کی انتظامی ساخت میں بڑی تبدیلیوں کا ایجنڈا شامل ہے۔ باخبر ذرائع کے مطابق اجلاس میں پانچ سے زائد نئے اضلاع اور تین یا ممکنہ طور پر 4 نئے ڈویژنز کے قیام پر تفصیلی غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ضلع پشین کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کی تجویز زیر غور ہے، جس کے تحت نیا ضلع برشور قائم کیا جائے گا۔ اس اقدام کا مقصد انتظامی سہولت اور عوامی مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنانا بتایا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ضلع کوئٹہ کو باقاعدہ طور پر ڈویژن کا درجہ دیے جانے اور

بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر

[illegible]

## عوامی تعاون کے بغیر پولیس کامیاب نہیں ہوسکتی: ایس ایس پی ڈیرہ بگٹی

میرے دروازے سب کیلئے کھلے ہیں: ضیاء الحق مندوخیل کی سوئی کے صحافیوں سے گفتگو

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) ایس ایس پی ڈیرہ بگٹی ضیاء الحق مندوخیل سے سینئر صحافی امام بگٹی کی قیادت میں سوئی کے صحافیوں کے وفد نے ملاقات کی۔ ایس ایس پی ضیاء الحق مندوخیل کا کہنا تھا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ، امن و امان کا قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی پولیس کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 JAN 2026 Page No. 19


## پنجاب سے ترسیل بند، بلوچستان میں آٹے کی شدید قلت پیدا ہو چکی فلورملز ایسوسی ایشن

سندھ کے راستے آنیوالے ٹرکوں کو روکا گیا، یہی صورتحال رہی تو کوئٹہ و دیگر علاقوں میں آٹا مزید مہنگا ہوگا، بدرالدین

صوبوں سے بات کرکے سپلائی لائن کو فوری طور پر بحال کرائیں تاکہ عوام کو سستے داموں آٹے کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے

پنجاب نے گزشتہ سال اگست سے دیگر صوبوں کو آٹے کی ترسیل پر پابندی عائد کر رکھی ہے، اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین بدرالدین کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں آٹے کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے اور قیمتیں بلند ترین سطح پر پہنچنے کا اندیشہ ہیں پنجاب نے اگست سے دیگر صوبوں کو آٹے کی ترسیل پر پابندی عائد......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کر رکھی ہے گزشتہ 4 دنوں سے جیکب آباد کے مقام پر سندھ سے آنے والی گندم اور آٹے کی گاڑیوں کو روکا گیا ہے اگر یہی روش یا سلسلہ برقرار رہا تو صوبے میں آٹے کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہو جائے گا اپنا سوشل میڈیا پر جاری کردہ بیان میں بدرالدین کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں اس طرح کی کمی برقرار رہی تو چند روز میں آٹے کی قیمتیں مزید بڑھ سکتی ہیں جس سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا پہلے ہی بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے کے لوگ مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر کشیدہ حالات کی وجہ سے مشکل صورتحال سے دو چار ہیں اس صورتحال میں ہماری وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سے درخواست ہے کہ وہ فوری طور پر موجودہ حالات اور صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے عوام کی مشکلات کو دور کرنے کے لئے دیگر صوبوں سے بات کر کے سپلائی لائن کو فوری طور پر بحال کرائیں

## پانی کی سطح تیزی سے گر رہی ہے جو مستقبل کیلئے بڑا خطرہ ہے، کمشنر کوئٹہ

زرعی زمینوں کیلئے اسپرنکلر اور ڈرپ اریگیشن سسٹم متعارف کروانا ناگزیر ہے تاکہ کم سے کم پانی کے استعمال سے زیادہ پیداوار حاصل کی جاسکے شاہزیب خان کاکڑ

قومی شاہراہوں پر امن وامان برقرار رکھنے کیلئے ضلعی انتظامیہ، ایف سی اور موٹروے پولیس مشترکہ اسنیپ چیکنگ اور جوائنٹ پٹرولنگ کریں

امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے متعلقہ ادارے مربوط حکمت عملی اپنائیں "امن وامان" کوئٹہ واٹر سیکیورٹی اینڈ ریسورسز ایکشن پلان کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ واٹر سیکیورٹی اینڈ ریسورسز ایکشن پلان کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ظہور احمد، پروجیکٹ ڈائریکٹر کیو ڈی پی رفیق بلوچ، محکمہ واسا، محکمہ اریگیشن، بیوٹمز، یونیورسٹی آف بلوچستان کے ماہرین، متعلقہ ایکسپرٹس اور انجینئرز نے شرکت کی اجلاس میں کوئٹہ شہر میں زیر زمین پانی کے ذخائر کو محفوظ بنانے، پانی کے غیر ضروری اور غیر قانونی استعمال کی روک......... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

تھام اور مستقبل میں پانی کی دستیابی کو یقینی بنانے سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے شرکاء کو بتایا گیا کہ کوئٹہ میں پانی کی صورتحال انتہائی تشویشناک حد تک پہنچ چکی ہے اور اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو آئندہ چند سالوں میں شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی شدید قلت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ واٹر ایمرجنسی ایکشن پلان پر موثر اور فوری عملدرآمد وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ غیر قانونی ٹیوب ویلز، زرعی اور کمرشل مقاصد کے لئے بے دریغ پانی کے استعمال کے باعث زیر زمین پانی کی سطح تیزی سے گر رہی ہے، جو مستقبل کیلئے ایک بڑا خطرہ ہے اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ زیر زمین پانی کی سطح کو مزید گرنے سے بچانے کیلئے سخت اور عملی فیصلے ناگزیر ہیں اس سلسلے میں ایک جامع ایمرجنسی ایکشن پلان مرتب کرنے، نئے پانی کے ذخائر کی تلاش، واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کی تنصیب، کار واشنز اور دیگر کمرشل یونٹس کو متبادل پانی فراہم کرنے کی پالیسی بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

## ایران کیلئے تربت سے نیو مند فیول کراسنگ سوراپ پوائنٹ فعال کردیا گیا

آئی جی میجر جنرل بلال سرفراز احمد مخلصانہ کاوشوں سے تربت میں تجارتی سرگرمیاں بہتر ہوں گی

تجارتی گیٹ کی بحالی سرحدی علاقوں کیلئے اہم معاشی پیش رفت، مقامی آبادی کا اعتماد بڑھے گا

تربت (یو این اے) ایف سی جنوب بلوچستان کے آئی جی میجر جنرل بلال سرفراز احمد کی مسلسل اور مخلصانہ کاوشوں کے نتیجے میں ایف سی بلوچستان (جنوب) کی معاونت سے نیو مند فیول کراسنگ سوراپ پوائنٹ کو کامیابی کے ساتھ فعال کردیا گیا ہے۔ اس اقدام سے سرحدی تجارت کی بحالی کی جانب ایک مثبت پیش رفت ہوئی ہے۔ کاروباری حلقوں نے ایف سی بلوچستان کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ بارڈر کھلنے سے تربت اور ضلع کیچ کی مختلف مارکیٹس میں تجارتی سرگرمیاں بہتر ہوں گی، کاروبار کو فروغ ملے گا اور بازاروں کی رونقیں بحال......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ہوں گی۔ ایف سی کے مطابق فیول کے حصول کے لیے آنے والے افراد پرامن ماحول میں بارڈر کراس کر رہے ہیں جبکہ سکیورٹی اور انتظامی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے تاکہ کسی قسم کی رکاوٹ نہ آئے۔ مقامی سطح پر اس اقدام سے روزگار اور معاشی سرگرمیوں میں بہتری کی توقع ہے۔ سرحدی کاروبار سے وابستہ افراد نے کہا کہ نیو مند کراسنگ کی بحالی نہ صرف سرحدی علاقوں کے لیے ایک اہم معاشی پیش رفت ہے بلکہ یہ مقامی آبادی اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد بڑھانے کا بھی سبب بنے گی۔ کاروباری حلقوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ فیول لسٹ میں اضافہ اور تجارتی سہولیات کی بہتری کے بعد یہ کراسنگ

## آئی جی پولیس نے 2 تھانوں کے ایس ایچ اوز کو معطل کردیا

ایس ایچ او خروٹ آباد اور قائد آباد کیخلاف، بدعنوانی و غفلت پر کارروائی

عبدالباسط کو قائد آباد اور عرفان مینگل کو خروٹ آباد تعینات کردیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت نے نامناسب رویہ اپنانے پر 2 تھانوں کے ایس ایچ اوز کو معطل کردیا جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ڈی......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس نے ایس ایچ او خروٹ آباد مجاہد عباس بدعنوانی اور غفلت پر جبکہ ایس ایچ او قائد آباد سید مصطفیٰ شاہ کو غیر پیشہ ورانہ رویے اپنانے پر معطل کردیا جبکہ ان کی جگہ انسپکٹر عبدالباسط کو ایس ایچ او قائد آباد اور انسپکٹر عرفان مینگل کو ایس ایچ او خروٹ آباد تعینات کردیا گیا۔

# بلوچستان میں حقیقی قیادت کو عوام سے دور کیا جا رہا ہے، سیاسی و سماجی رہنما

## بلوچستان کا مسئلہ سمجھ سے بالاتر نہیں بلکہ سیاسی طور پر حل کیا جا سکتا ہے، عبدالولی کاکڑ، ملک نصیر شاہوانی

## مصنوعی قیادت کو مسلط کر کے حقیقی سیاسی، عوامی قیادت کا راستہ روکا جا رہا ہے، اصغر اچکزئی، داؤد شاہ و دیگر

### بلوچستان نیشنل پارٹی کے بانی رہنما اتحاد کے علمبردار عبدالعلی کاکڑ کی برسی، غلام نبی مری، ملک عنایت کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے سیاسی رہنماؤں بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق گورنر ملک عبدالولی کاکڑ، ڈپٹی سیکرٹری ملک نصیر احمد شاہوانی، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ، غلام نبی مری، پشتون تحفظ موومنٹ کے رہنما ملک عنایت اللہ خان کاسی، نذر محمد کاکڑ، نسیم جاوید ہزارہ، منور سلطانہ، خان زمان کاکڑ، ڈاکٹر علی احمد کمرانی، مولانا محمد عیسیٰ ہنکوئی، شکیلہ نوید دہوار سمیت دیگر نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ سمجھ سے بالاتر نہیں بلکہ سیاسی طور پر حل طلب ہے اس لئے گزشتہ 76 برسوں سے ناعاقبت اندیش قوتیں صوبے کے وسائل کی لوٹ مار کرنے کے لئے مصنوعی قیادت کو مسلط کر کے حقیقی سیاسی، عوامی قیادت کا راستہ روک کر دیوار سے لگایا جا رہا ہے اور صوبے میں طرز حکمرانی کی وجہ سے مسائل روز بروز بڑھتے جا رہے ہیں اس لئے بلوچ پشتون قوم اور دیگر اقوام کی قیادت کو ایک ایجنڈے پر متفق ہو کر مسائل کے حل اور وسائل پر دسترس کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ ہم ملک عبدالعلی کاکڑ کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچا کر بلوچستان کو پرامن صوبہ بنا کر لوگوں کو ان کے حقوق دے سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملک عبدالعلی کی 16 برسی کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے بانی رہنما، عظیم سیاسی و قومی قائد اور بلوچ پشتون اتحاد کے علمبردار ملک عبدالعلی کاکڑ کی سیاسی جدوجہد، فکری رواداری، مشکل حالات میں وطن و قوم سے وفاداری، امن، اتحاد اور یکجہتی کے لیے ان کی شعوری کاوشوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک عبدالعلی کاکڑ جیسے مدبر اور پختہ سیاسی رہنماؤں کی جدوجہد آج بھی ظلم و جبر کے خلاف سیاسی استقامت کی علامت ہے۔ مقررین نے کہا کہ بلوچ پشتون اتحاد کے لیے ملک عبدالعلی کاکڑ کا کردار ایک تاریخی حقیقت ہے، جسے جھٹلایا نہیں جا سکتا انہوں نے برادر اقوام کے درمیان نفرت و انتشار کے خاتمے اور باہمی اعتماد کے فروغ کے لیے عملی جدوجہد کی، جس کے نتیجے میں بلوچستان میں ایک پرامن اور برادرانہ سیاسی ماحول میسر آیا۔ مقررین نے کہا کہ ملک عبدالعلی کاکڑ کی سیاسی زندگی عاجزی، انکساری، قومی خدمت اور عوامی خوشحالی کے اصولوں سے عبارت تھی۔ یہی وجہ تھی کہ ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد انہیں عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور عوام فاقوں کی صورت میں ان کے ہمراہ ہوتے تھے

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

# منشیات و بدامنی نے بلوچستان کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا، مولانا ہدایت الرحمن

## نوجوان بے راہ روی کا شکار، صوبائی حکومت روزگار کی فراہمی کیلئے موثر اقدامات اٹھائے، رکن صوبائی اسمبلی

### "بنو قابل پروگرام" کے ذریعے بلوچستان سے بیروزگاری کا خاتمہ ممکن اور نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم ہو سکتا ہے، گوادر میں طلباء سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے گوادر میں زیر تعمیر الخدمت فاؤنڈیشن کے ڈرگ ری ہیبلیٹیشن و ووکیشنل سینٹر کا دورہ کیا دورے کے دوران انہیں سینٹر کی جاری تعمیراتی پیش رفت کے بارے میں بریفنگ دی گئی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے اس منصوبے کو منشیات کے خاتمے اور نوجوانوں کی فنی تربیت کیلئے اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے ادارے مستقبل میں معاشرے کیلئے مفید ثابت ہوں گے منشیات، بدعنوانی اور بدامنی نے بلوچستان اور یہاں کے عوام کی تباہی و بربادی میں اہم کردار ادا کیا قبل ازیں امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے گورنمنٹ بوائز کالج گوادر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے انہیں 25 جنوری کو منعقد ہونے والے بنو قابل ٹیسٹ کے حوالے سے آگاہی فراہم کی۔

بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 20 JAN 2026 Page No. 21

## کوئٹہ: سی ٹی ڈی کا ضلع کیچ میں آپریشن، بی ایل اے کے کمانڈر سمیت ہلاک

کارروائی میں بلوچستان کا مطلوب دہشتگرد مارا گیا

## دشت میں سی ٹی ڈی کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، بی ایل اے کے پانچ دہشتگرد ہلاک

سی ٹی ڈی نے مارگٹ آپریشن میں اسلحہ، دستی بم اور موٹر سائیکلیں قبضے میں لے لیں، لاشیں قبضے میں لے کر ہسپتال منتقل کر دی گئیں

[illegible]

### ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا

[illegible]

MASHRIQ QUETTA

## افغانستان سے قلعہ سیف اللہ سیکٹر میں بلا اشتعال فائرنگ، پاکستان کا بھرپور جواب

قلعہ سیف اللہ سیکٹر سے متصل افغان سرحد پر باڑ کی تنصیب کے کام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی، سیکیورٹی ذرائع

کارروائی سرحدی خودمختاری کے تحفظ اور باڑ (ہارڈ فینسنگ) منصوبے کو نشانہ بنانے والی کوششوں کو ناکام بنانے کی پالیسی ہے

کوئٹہ (یو این اے) قلعہ سیف اللہ افغان سرحد سے قلعہ سیف اللہ کے سرحدی سیکٹر میں بلا اشتعال فائرنگ کے واقعے کے بعد پاکستانی سیکیورٹی فورسز نے فیصلہ کن اور موثر کارروائی کرتے ہوئے جارحیت کو ناکام بنا دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افغانستان کی جانب سے پاکستانی سرحدی چیک پوسٹس کی جانب فائرنگ کی گئی، جس پر سیکیورٹی فورسز نے فوری طور پر صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے دفاعی اقدامات ........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کیے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک فوج نے جدید نگرانی کے نظام، بالخصوص کواڈ کاپٹرز (ڈرونز) کی مدد سے سرحدی علاقے کی مانیٹرنگ کی اور ممکنہ خطرات کی نشاندہی کے بعد انہیں موثر انداز میں غیر موثر بنا دیا۔ یہ کارروائی پاکستان کی سرحدی خودمختاری کے تحفظ اور سرحدی باڑ (ہارڈ فینسنگ) منصوبے کو نشانہ بنانے والی کوششوں کو ناکام بنانے کی پالیسی کا حصہ ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ سول ہسپتال، ملازمین کا احتجاج، پولیس کی کارروائی، متعدد گرفتار

ہمارا احتجاج جائز مطالبات اور وزیر صحت کیخلاف تھا، ملازمین، واقعہ کی تحقیقات کی جائیں گی، انتظامیہ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ سول ہسپتال میں احتجاج کرنے والے ملازمین کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ واقعے کے بعد ہسپتال میں صورتحال شدید کشیدہ ہو گئی اور مریضوں اور لواحقین کے لئے ہسپتال کا ماحول ناخوشگوار ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق ملازمین احتجاج کے دوران ہسپتال کے ........ بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر

[illegible]

### حب: گھر میں لوٹ مار کرنے والا ملزم پڑوسی کی فائرنگ سے زخمی

حب (نمائندہ انتخاب) گھر میں لوٹ مار کرنے والا شخص پڑوسی کی فائرنگ سے زخمی ہو گیا اس حوالے سے حب سٹی تھانے کی حدود ... کے مطابق ... کی صبح ... پڑوسی رشید احمد ... نے ... پر بتایا کہ چاقو بردار شخص ان کے گھر میں داخل ہو گیا ہے اور وہ چاقو دکھا کر گھر میں ........ بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

[illegible]

### کئی سے دو افراد کے قتل میں ملوث ملزم گرفتار

پنجگور (یو این اے) سیکیورٹی اداروں نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر قتل کے واقعات میں ملوث مرکزی ملزم اقبال احمد بلیدی کو ... سے گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم پر الزام ہے کہ اس نے 11 نومبر 2024 کو اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر ... استاد اکبر ... بلیدی کو اسکول کے اوقات کے دوران ... ایجوکیشن آفیسر ... کو ... کے موقع پر شہید کیا تھا۔

### نصیر آباد ڈاکوؤں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی

چھتر (آن لائن) ضلع نصیر آباد پولیس تھانہ چھتر کی حدود میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی ہو گیا، تفصیلات کے مطابق ضلع نصیر آباد کے پولیس اہلکار امداد علی ... چھتر پولیس تھانہ ڈیوٹی پر جا رہے تھے کہ ڈاکوؤں سے سامنا ہو گیا، فائرنگ کے تبادلے میں امداد علی ... شدید زخمی ہو گئے۔

### صحبت پور سے سرکاری ملازم پراسرار طور پر لاپتہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور میں سرکاری ملازم پراسرار طور پر لاپتہ ہو گیا، لواحقین کی جانب سے ... پولیس کے مطابق صحبت پور ... کے ... پراسرار طور پر لاپتہ ہو گیا، لواحقین کی جانب سے ... ظاہر کیا جا رہا ہے۔

CamScanner

## مشرقی بائی پاس کے مختلف علاقوں میں گیس پریشر ناپید، بجلی کی لوڈشیڈنگ عروج پر پہنچ گئی

**گیس پریشر بحال اور لوڈشیڈنگ ختم کی جائے ورنہ احتجاج پر مجبور ہوں گے، ...ت خان بزنجو**

**عوامی مسائل پر چپ نہیں رہیں گے، احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے، لالا تاج محمد، احمد اللہ بزنجو و دیگر**

کوئٹہ ( پ ر ) پشتونخوا جمہوری عوامی پارٹی کے رہنماؤں دولت خان بزنجو، سابق کونسلر احمد اللہ بزنجو، لالا تاج محمد بزنجو، داد محمد بزنجو و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں مشرقی بائی پاس سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں گیس پریشر میں شدید کمی، بجلی کی غیر اعلانیہ و طویل لوڈشیڈنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے گیس پریشر بحال کی جائے اضافی بلوں اور ٹیکسوں کو واپس لیا جائے بصورت دیگر احتجاج پر مجبور ہوں گے اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ چالو باوڑی، میر واکس روڈ، غازی اسلم خان روڈ، دیہہ شالدرہ، حاجی غیبی روڈ، مسلم اتحاد کالونی، کلی شیخان، صنعتی کالونی، کلی شیوزئی، بزنجو آباد، کلتانی بائی پاس، موسیٰ کالونی، ہزار گنجی اور سریاب سمیت دیگر علاقوں میں گیس و بجلی کی صورتحال ناقابل قبول ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ سخت سردی کے موسم میں گیس پریشر کی کمی اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ حکام کی خاموشی مجرمانہ ہے۔ بجلی اور گیس کے بلوں میں لگائے گئے ناجائز اور اضافی ٹیکس غریب عوام کا معاشی قتل ہیں۔ ہم ان ٹیکسوں کو فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ عوام کے بنیادی مسائل پر کسی صورت خاموشی اختیار نہیں کی جائے گی گیس اور بجلی کی فراہمی یقینی بنائی گئی

QUDRAT QUETTA

Baakhabar Quetta

## چمن: سٹریٹ کرائمز میں خطرناک حد تک اضافہ

**اسٹریٹ کرائمز کے بڑھتے ہوئے واقعات نے عوام کو شدید خوف میں مبتلا کر دیا ہے، ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر ہیں**

**راہزنی کے بیشتر واقعات ان علاقوں میں ہو رہے ہیں جو پہلے بی ایریا کہلاتے تھے اور لیویز فورس کے کنٹرول میں تھے**

چمن (بلال عطار) چمن میں نئے سال کے آغاز سے چوری، ڈکیتی اور رہزنی کے واقعات میں خطرناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے، جس سے شہری شدید خوف اور غیر محفوظ ماحول میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایک واقعہ باب کیپٹن کے مقام پر پیش آیا، جہاں ڈاکوؤں نے ایک نوجوان سے ایک عدد موٹر سائیکل، دو موبائل فون اور ایک لاکھ پانچ ہزار روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔ متاثرہ شخص نے بتایا کہ دوران واردات ڈاکوؤں نے فائرنگ بھی کی۔ اسی دوران روغانی روڈ کلی محمد حسن ٹھیکیدار میں متعدد دکانوں کے تالے توڑے گئے اور قیمتی اشیا اور نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سٹریٹ کرائمز کے بڑھتے ہوئے واقعات نے عوام کو شدید خوف میں مبتلا کر دیا ہے اور لوگ ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر ہیں۔ واضح رہے کہ راہزنی کے بیشتر واقعات ان علاقوں میں ہو رہے ہیں جو پہلے بی ایریا کہلاتے تھے اور لیویز فورس کے کنٹرول میں تھے۔ لیویز فورس کی پولیس میں ضم ہونے کے بعد علاقے میں ایک ایریا بن گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ تازہ ٹرانسفرز اور پوسٹنگ کے بعد تمام چیک پوسٹس کو مکمل طور پر متحرک کر کے گشت بڑھایا جائے گا اور موجودہ صورتحال پر جلد قابو پایا جائے گا۔

## کاسی قبرستان میں منشیات کی سرعام خرید و فروخت جاری

**نشے کے عادی افراد نے ڈیرے جمالیے، شہریوں کو مشکلات کا سامنا**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں قدیم کاسی قبرستان جو وسیع و عریض رقبے پر محیط ہے متعلقہ حکام کی عدم توجہی کا شکار ہے۔ قبرستان میں کھلے عام منشیات کی خرید و فروخت ہو رہی ہے جبکہ جا بجا نشے کے عادی افراد نے ڈیرے جمائے ہوئے ہیں قبرستان مزید قبروں کی گنجائش تقریباً ختم ہو چکی ہے جس کے باعث گورکن پرانی قبروں پر قبریں تیار کر کے بھاری بھرکم رقم بٹور رہے ہیں قبرستان میں جا بجا کوڑا کرکٹ بکھرا پڑا ہے جس سے قبرستان بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 5 پر

کا تقدس پامال ہو رہا ہے جبکہ مختلف مقامات پر نوجوان کرکٹ اور فٹ بال بھی کھیلتے ہیں جس سے قبروں کی بے حرمتی ہوتی ہے کچھ عرصہ قبل لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت مختلف مقامات پر گڑھے کھود دیے تاکہ کرکٹ اور فٹبال کے میچز نہ ہو سکیں۔ قبرستان میں مختلف مقامات پر اسٹریٹ لائٹس نصب کی گئی تھیں جو غیر فعال ہیں جس کے باعث رات کے اوقات میں تدفین و فاتحہ کیلئے آنے والوں کو شدید مشکلات و پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ قبرستان میں جرائم پیشہ عناصر نے بھی ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں منشیات کی خرید و فروخت کے علاوہ منشیات کے عادی افراد نشہ کرتے نظر آتے ہیں جبکہ یہی جرائم پیشہ عناصر رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر قبروں پر فاتحہ یا تدفین کیلئے آنے والوں کو لوٹ بھی لیتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر سے مطالبہ کیا کہ قبرستان میں مستقل بنیادوں پر پولیس چوکی قائم کی جائے۔

## ژوب، بائی پاس کی عدم تعمیر سے ٹریفک کا نظام درہم برہم

**بڑی گاڑیاں مین بازار سے گزرنے سے سارا دن ٹریفک جام ہوتا ہے**

ژوب (یو این اے) بائی پاس کی عدم تعمیر اور نئے تعمیر شدہ اڈے کی عدم فعالیت سے ٹریفک کا نظام درہم برہم پنجاب خیبر پختونخوا کو آنے اور جانے والی بسیں ہیوی ٹرک ایل پی جی ٹرالر مین بازار سے گزرنے سے سارا دن ٹریفک جام ہوتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ کوئٹہ روڈ پر واقع بس اڈے کی ٹرمینل فعال ہونے کے باوجود اڈے کی سٹی سے عدم منتقلی کی وجہ سے ٹریفک کا لوڈ ہوتا ہے اس کی منتقلی ٹرانسپورٹرز اور عوام کا دیرینہ بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 5 پر

مطالبہ ہے عوامی سماجی حلقوں نے بتایا کہ شہر کی آبادی دن بدن بڑھتی جا رہی ہے مگر نیشنل ہائی وے احکام سے عوام نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ بائی پاس کی تعمیر ہنگامی بنیادوں پر شروع کیا جائے آبادی کے لحاظ سے ژوب کا شمار صوبہ بلوچستان کے بڑے شہروں میں ہوتا ہے بائی پاس کی عدم تعمیر ایک لمحہ فکریہ ہے۔ عوامی سماجی سیاسی حلقوں نے احکام بالا اور نیشنل ہائی وے احکام سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ جلد از از بائی پاس کی تعمیراتی کام شروع کیا جائے!

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

6 Daily: MEEZAN QUETTA 20 JAN 2026

Bullet No. 23


## بلوچستان کی یونیورسٹیز کے فنڈز میں اضافہ!

رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑے صوبے بلوچستان کی یونیورسٹیز کو فنڈز کا معاملہ درپیش رہا ہے۔ اکثر اوقات تو ایسا ہوتا ہے کہ فنڈز کے نہ ہونے کے باعث یونیورسٹیز کے اساتذہ اور دیگر ملازمین کو بڑی مشکلات درپیش رہتی ہیں اور اس طرح نوبت یہاں تک آ پہنچتی ہے کہ اساتذہ کو بالآخر ہڑتال جیسے انتہائی قدم کو اپنانا پڑ جاتا ہے۔ جس میں اساتذہ جو بلاشبہ ایک قابل احترام طبقہ ہے کو سڑکوں پر بیٹھنا پڑتا ہے جو کہ بلاشبہ ایک قابل تشویش بات ہے کہ ایک ایسا طبقہ جو ایک اعلیٰ مقام پر رکھتے ہیں سڑکوں پر بیٹھ جائیں۔

گذشتہ روز گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے لسبیلہ یونیورسٹی کی کانووکیشن تقریب سے خطاب کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اعلان کیا کہ صوبے کی تمام یونیورسٹیوں کے فنڈز ڈھائی ارب روپے سے بڑھا کر آٹھ ارب روپے کردیئے گئے ہیں، جس کے بعد فنڈز کی کمی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ اس طرح کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے کے لیے اقدامات کئے جائیں گے جس کے لیے سینیٹ میں باقاعدہ پالیسی مرتب کی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بطور گورنر لسبیلہ یونیورسٹی سمیت تمام جامعات کو مالی طور پر مستحکم کرنا اولین ترجیح ہے۔ اسی مقصد کے تحت لسبیلہ یونیورسٹی کے فنڈز میں اضافہ کیا گیا تا کہ ملازمین کو تنخواہوں سمیت دیگر ضروریات پوری کرنے کی کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ انہوں نے کورسز میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے تربت اور لسبیلہ میں

ایک ایک لاکھ کے انعامات بھی دیئے جو کہ ایک تعلیم دوست اقدام ہے اور اس سے طلبہ کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے سنجیدہ اور موثر اقدامات کررہی جبکہ ملازمین کے مسائل حل کر ہماری اولین ترجیح ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی جانب سے صوبے کی یونیورسٹیز کے لیے فنڈز ڈھائی ارب روپے سے بڑھا کر آٹھ ارب روپے کرنا بلاشبہ قابل تعریف اقدام ہے۔ یہ بہت ہی اچھا اقدام ہے کیونکہ ہمارے ہاں بدقسمتی سے ایسا بھی ہوتا آرہا ہے کہ اکثر اوقات فنڈز کے نہ ہونے کے باعث یونیورسٹیز کے قابل احترام اساتذہ کو بڑی معاشی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کے باعث ان کو انتہائی قدم اٹھاتے ہوئے ہڑتال کرنی پڑتی تھی۔ اب فنڈ میں اضافہ سے ان کا یہ اہم مسئلہ حل ہوجائے گا۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے یہ احسن اقدام کر کے بلاشبہ یونیورسٹیز کے قابل احترام اساتذہ اور دیگر سٹاف کا ایک دیرینہ اور اہم مسئلہ حل کر کے ان کے دل جیت لیے ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ یونیورسٹیز کے انتظامیہ کو فنڈز کے استعمال کے حوالے سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں اور اس فنڈ کو صرف اساتذہ کرام اور دیگر سٹاف کی تنخواہوں کی مد میں استعمال کرنا چاہیے اس کے ساتھ ساتھ دیگر جو اخراجات ہیں ان کے لیے یہ فنڈ استعمال نہیں کرنا چاہیے اس کے لیے دیگر مد سے انتظامات کرنے چاہئیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 JAN 2026

Page No. 24


# بلوچستان میں میرٹ کی بحالی: ایک تاریخی موڑ

شیخ عبدالرزاق



بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کے حوالے سے طویل عرصے سے ایک ایسا کلچر رائج رہا ہے جس میں اہلیت، محنت اور قابلیت کے بجائے پیسے کے ذریعے نوکری حاصل کرنا معمول سمجھا جاتا تھا۔ سرکاری ملازمت کو صوبے میں معاشی تحفظ اور سماجی حیثیت کی علامت تصور کیا جاتا ہے، یہی وجہ ہے کہ اس سوچ نے رفتہ رفتہ ایک منظم اور طاقتور روایت کی شکل اختیار کرلی۔ اس کلچر کا سب سے پہلا اور بڑا نقصان میرٹ اور محنت کا قتل تھا، جس کے نتیجے میں نوجوانوں کے دلوں میں ریاست کے لیے بداعتمادی، محرومی اور ناامیدی نے جنم لیا۔ افسوسناک پہلو یہ ہے کہ دہائیوں سے رائج اس فرسودہ نظام کو بدلنے کی سنجیدہ کوشش کبھی کسی سیاسی قیادت کی جانب سے سامنے نہیں آئی، خواہ وہ مکران کے قوم پرست ہوں یا سبیلہ و آواران کے وفاقی سیاست دان۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالتے ہی صوبائی اسمبلی کے فلور پر دو ٹوک اعلان کیا تھا کہ بلوچستان میں اب نوکریاں فروخت نہیں ہوں گی اور میرٹ و شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ یہ محض ایک سیاسی نعرہ نہیں تھا بلکہ ایک مشکل اور چیلنجنگ عزم تھا، جس کا پہلا عملی امتحان انہیں ایس بی کے ٹیسٹ کے بحران کی صورت میں وراثت میں ملا۔ شدید دباؤ اور مختلف النوع رکاوٹوں کے باوجود وزیر اعلیٰ نے کنٹریکٹ بنیادوں پر بھرتیوں کے لیے ایک نسبتاً شفاف نظام متعارف کروایا، جو اس سے قبل بلوچستان میں دیکھنے میں نہیں آیا تھا۔ اگرچہ اس نظام میں بھی غلطی کی گنجائش موجود تھی، یہی وجہ تھی کہ وزیر اعلیٰ ہمیشہ 100 فیصد کے بجائے 99 فیصد میرٹ پر بھرتیوں کا دعویٰ کرتے رہے۔ بلوچستان کے پیچیدہ سماجی و سیاسی حالات اس بات کے متقاضی تھے کہ ایسا نظام متعارف کروایا جائے جس میں انسانی مداخلت، سفارش اور بدنیتی کی گنجائش ہی باقی نہ رہے۔ اسی مقصد کے تحت بلوچستان کے فرزند اور آکسفورڈ یونیورسٹی سے تعلیم یافتہ سیکرٹری خزانہ عمران زرکون نے ایک غیر معمولی اور جرات مندانہ قدم اٹھایا۔ حکومت بلوچستان کے محکمہ خزانہ کو گریڈ 14 کی 111 آسامیوں پر بھرتیاں درکار تھیں، جنہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے عین مطابق مکمل میرٹ پر پُر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس مقصد کے لیے فنانس ڈیپارٹمنٹ نے ایک جدید آن لائن پورٹل تشکیل دیا، جو صوبے میں اپنی نوعیت کا پہلا شفاف اور ریئل ٹائم مانیٹرنگ میکانزم تھا، جس کے ذریعے تمام امیدواروں کی مکمل معلومات لمحہ بہ لمحہ دستیاب تھیں۔ 17 جنوری 2026 کو بلوچستان بھر سے 5900 سے زائد امیدوار بیوٹمز، کوئٹہ میں آن لائن ٹیسٹ دینے کے لیے جمع ہوئے۔ یہ صوبے کی تاریخ میں پہلا موقع تھا جب بھرتیوں کا کنٹرول نہ کسی وزیر کے ہاتھ میں تھا اور نہ ہی کسی بااثر بیوروکریٹ کے۔ صبح نو بجے ٹیسٹ کا آغاز ہوا۔ چونکہ یہ نظام پہلی مرتبہ نافذ کیا جا رہا تھا، اس لیے ابتدائی مرحلے میں کچھ تکنیکی مسائل سامنے آئے، جنہیں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور ان کی ٹیم نے خندہ پیشانی، پیشہ ورانہ مہارت اور تحمل کے ساتھ حل کیا۔ ماضی کی روایت کے مطابق کچھ امیدواروں نے اپنی جگہ کسی اور شخص کو امتحان دلوانے کی کوشش کی، تاہم جدید سسٹم اور سخت نگرانی کے باعث ایسی تمام کوششیں بروقت ناکام بنا دی گئیں۔ ابتدائی ایک گھنٹے کی معمولی بدانتظامی کے بعد ٹیسٹ نہایت خوش اسلوبی سے جاری رہا۔ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے صحافیوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کو مکمل آزادی دی گئی کہ وہ خود ٹیسٹنگ کے عمل کا مشاہدہ کریں۔ بالآخر شام سات بجے کے قریب تمام امیدواروں کا امتحان مکمل کرلیا گیا اور مختصر وقفے کے بعد کامیاب امیدواروں کے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے تقرری کے احکامات بھی جاری کردیے گئے۔ یہ بظاہر ایک چھوٹا سا قدم ہے، مگر درحقیقت بلوچستان میں ایک تاریخی اور فیصلہ کن تبدیلی کی بنیاد رکھ دی گئی ہے۔ میرٹ کا وہ کلچر، جہاں سفارش اور پیسے کی کوئی گنجائش نہ ہو، صوبے کے نوجوانوں کو ریاست کے قریب لانے اور ان کا کھویا ہوا اعتماد بحال کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ اگر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں اسی طرز کا شفاف اور ڈیجیٹل بھرتی نظام صوبے کی تمام سرکاری ملازمتوں پر نافذ ہوجاتا ہے تو نہ صرف سروس ڈیلیوری میں نمایاں بہتری آئے گی بلکہ اس پسماندگی کے خاتمے کا عملی آغاز بھی ہوجائے گا، جس کا شکوہ برسوں سے کیا جاتا رہا ہے۔

# Jobs on Merit

Last Sunday, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti handed appointment letters to 111 new Sub-Accountants in the Finance Department. This was not just a ceremony. It was a powerful message. The message is simple: merit has finally arrived in Balochistan. That old story may have just ended. A new chapter is being written. For far too long, the people of Balochistan have lived with a painful reality. The promise of a government job, a path to stability and service, was often not for the most deserving. It was for the best-connected. The hope for a fair chance had faded in the hearts of many. The process itself was historic. For the first time, everything was done through a completely digital, online, and paperless system. The test, the interview, the results, and the appointment letters all completed in a single, transparent day. There was no room for handwritten notes of recommendation. No space for under-the-table deals. The most powerful testimony came from the candidates themselves. Chief Minister Bugti did something remarkable. He spoke directly to the newly successful youth. He asked them about the process. Their answers should echo across the province. They said it was fair. They said it was transparent. They confessed they could hardly believe they got a job without any "Sifarish" or bribery. Imagine that. The son of a laborer, the son of a teacher, and the son of a minister, all sitting for the same test in the same room. The only thing that mattered was their knowledge and skill.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No 6 Dated. Page No. 26


Chief Minister Bugti made a promise. In his first speech, he vowed to bury the culture of selling jobs. This recruitment is proof he is keeping that promise. "Sarfaraz will never cheat," he stated firmly. These are strong words. Now, they are being backed by strong action. The resolve is clear. Jobs will not be sold in Balochistan. The government's job is to serve the people, not to auction opportunities to the highest bidder. But this is just the beginning. The Finance Department recruitment is a model. The plan is to bring all departmental hiring up to the standard of the Balochistan Public Service Commission. A modern digital system will be introduced at the division and district levels. The goal is to make every hiring process clear and people-friendly. There is much work to do. Thousands of posts are empty, hurting our institutions. The Public Service Commission itself will be reformed and digitalized. The aim is to make it the best, most transparent commission in Pakistan. This is about more than just 111 jobs. It is about restoring trust. It is about giving the youth of Balochistan their right-the right to be judged on their ability, not their contacts. It is about telling every hardworking student that their effort will not be wasted.

For years, people said real change was impossible here. Today, we have seen it is possible. A strong intention and a transparent system can ensure merit. This is a decisive step towards institutional reform. The government has made a firm commitment to lasting change. This recruitment is a visible, practical proof of that change. The successful candidates, now in Grade 14, are pioneers. They are the first fruits of a new system built on hard work and public trust. Chief Minister Bugti and his team, including Chief Secretary Shakeel Qadir Khan and Finance Secretary Imran Zarkoon, deserve credit for this bold step. They have shown the way. This is a new dawn for the youth of Balochistan. The door of merit has been opened. It must now be kept open forever. The promise of a fair chance must become the permanent promise of Balochistan.

CamScanner